لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | پیر 21 ستمبر 2026ء 10 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 20
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

علیمہ خان گرفتار

فوری رہا کیا جائے، ہمارا مارچ پُرامن ہوگا، بیرسٹر گوہر

علیمہ خان کی گرفتاری حالات خراب کرنے کی جانب پہلا قدم، ہمارا مارچ پُرامن اور سیاسی ہوگا، کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتے، بیرسٹر گوہر

آئینی وسیاسی مطالبات کے لیے پُرامن جدوجہد ہمارا مقصد، بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ کو ایم پی او کے تحت نظر بند کرنا کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف، چیئرمین تحریک انصاف

لاہور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان کو گرفتار کرکے کوٹ لکھپت جیل منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کو پولیس نے گرفتار کیا، ذرائع نے کہا کہ علیمہ خان کو لاہور سے گرفتار کیا گیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کو لاہور سے اس گرفتار کیا گیا جب کہ وہ اپنے ڈرائیور امیر کے ہمراہ جم خانہ جارہی تھیں۔ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کو کوٹ لکھپت جیل پہنچا دیا گیا، ان کی گاڑی مزنگ تھانے میں کھڑی ہے۔ علیمہ خان کو تھری ایم پی او کے تحت حراست میں لیا گیا، وہ اپر مال میں واقع اپنے گھر سے جم خانہ کے لیے نکلی تھیں، لٹن روڈ پولیس نے حراست میں لے لیا۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے علیمہ خان کی گرفتاری پر ردعمل دیتے ہوئے شدید مذمت کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ علیمہ خان کی گرفتاری حالات خراب کرنے کی جانب پہلا قدم ہے۔ ہمارا مارچ پُرامن اور سیاسی ہوگا، کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی وسیاسی مطالبات کے لیے پُرامن جدوجہد ہمارا مقصد ہے۔ علیمہ خان کو گرفتار یا ایم پی او کے تحت نظر بند کرنا کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے۔ بیرسٹر گوہر نے حکومت سے تمام اقدامات فی الفور بند کرنے اور علیمہ خان کو فی الفور رہا کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات کے خلاف پارٹی اپنا لائحہ عمل جلد دے گی۔ جبکہ دوسری جانب ڈیرہ اسماعیل خان میں پی ٹی آئی کے جلسہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنان پر 10 نامعلوم افراد نے حملہ کرکے موبائل فونز چھین لئے اور سامان کو آگ لگادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

امیر جماعت اسلامی سپر ٹرین مارچ کے دوران حیدرآباد پہنچنے پر کارکنان سے خطاب کر رہے ہیں

اس بار لاشیں گریں تو اسلام آباد کو سومنات بنادیں گے، جنید اکبر

پچھلی بار ہم ریاست کو ماں سمجھ رہے تھے اور اندازہ نہیں تھا کہ گولیاں چلیں گی مگر ہم اس بار خاموش نہیں رہیں گے

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ ہمیں معلوم ہے ریاست گولی چلائے گی مگر اس بار ایسا نہیں ہوگا کہ لاشیں اٹھائیں گے اور واپس چلے جائیں گے ہم اسلام آباد کو سومنات بنا دیں گے۔ پشاور میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد مارچ میں ہم صرف ایک راستے سے نہیں جائیں گے بلکہ ہم موٹروے سے بھی جائیں گے جی ٹی روڈ سے بھی جائیں گے مارگلہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف کریکس ایریا دورہ پر جوانوں سے گفتگو کر رہے ہیں

دارالحکومت ہائی الرٹ

لانگ مارچ روکنے کیلئے کنٹینرز، خندقیں اور مورچے تیار، تعلیمی اداروں میں غیر اعلانیہ تعطیلات

داخلی سڑکوں پر خندقیں کھود کر وہاں سے آمدورفت ناممکن بنانے کا پلان، پولیس کے افسران کو خندقیں کھودنے کے لیے مشینری اور مزدور جمع کرنے کی ہدایت

کل سے شہر کے 48 اسکول پولیس کے حوالے ہونگے، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی: غیر یقینی صورتحال پر انتظامیہ پریشان اور والدین بھی تذبذب کا شکار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ممکنہ احتجاج کے پیش نظر سیکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی ہے اور طالبات کے تعلیمی اداروں میں غیر اعلانیہ تعطیلات کردی گئی ہیں اور راولپنڈی میں 48 اسکول بیرون اضلاع سے آنے والی پولیس کے حوالے کردیے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ اسلام آباد میں ممکنہ احتجاج کے پیش نظر 20 سے زائد وفاقی تعلیمی ادارے ضلعی انتظامیہ اور وفاقی پولیس کے سپرد کر دیے گئے ہیں جہاں پنجاب سمیت دیگر صوبوں سے منگوائی گئی پولیس اور سیکیورٹی اہلکاروں کو ٹھہرایا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ طالبات کے تعلیمی اداروں میں غیر اعلانیہ تعطیلات کردی گئی ہیں اور آج رات پولیس پہنچے گی جبکہ مزید تعلیمی ادارے بھی ریزرو رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ دوسری جانب اسلام آباد کے ریڈ زون کے تعلیمی اداروں کی بسیں کیسے چلیں گی اس حوالے سے انتظامیہ پریشان ہے اور والدین بھی تذبذب کا شکار ہیں۔ ادھر راولپنڈی میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے احتجاج اور جماعت اسلامی کے دھرنے کے باعث شہر کے 48 اسکول بیرون اضلاع سے آنے والی پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو افسر (سی ای او) یاسین بلوچ نے بتایا کہ 21 ستمبر کو تمام تعلیمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لانگ مارچ شروع، عوام کے حقوق کے لیے ہے، حافظ نعیم الرحمن

حیدرآباد اور ٹنڈو آدم میں شاندار استقبال، منزل اسلام آباد ہے، امیر جماعت اسلامی

ٹنڈو آدم (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں پٹرولیم لیوی، بھتہ نما ٹیکسز، مہنگائی اور عوام پر بڑھتے ہوئے معاشی بوجھ کے خلاف کراچی سے اسلام آباد روانہ ہونے والے ٹرین مارچ کا حیدرآباد اور ٹنڈو آدم ریلوے سٹیشنوں پر ہزاروں مرد و خواتین، کارکنان اور شہریوں نے بھرپور استقبال کیا۔ دونوں سٹیشن جماعت اسلامی کے نعروں، پرچموں اور بینرز سے گونجتے رہے۔ حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر بڑے اجتماع سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

امیر البحر کا یونٹس، کریکس ایریا کا دورہ، سی سپارک مشق کا جائزہ

نیول چیف نے اہلکاروں سے ملاقات کی، پیشہ ورانہ مہارت، حوصلے کی تعریف

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے سمندر میں پاک بحریہ کی یونٹس اور کریکس ایریا کا دورہ کیا اور سی سپارک 2026ء بحری مشق کا جائزہ لیا اور آپریشنل تیاریوں کا معائنہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سی سپارک یکم ستمبر سے جاری ہے، مکمل بحری آپریشنز کی مشق کی جارہی ہے، سی سپارک 2026ء میں امن سے جنگی آپریشنز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب کا نقصان ہوگا، وزیر خزانہ

ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر رک سکتا، موجودہ حالات میں مارچ، دھرنے سمجھ سے بالاتر ہیں، محمد اورنگزیب

زرمبادلہ کے ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے، مالیاتی خسارے میں کمی واقع ہوئی، پریس کانفرنس

لاہور، وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اب معاشی استحکام سے معاشی ترقی کی جانب سفر کر رہا ہے، ایسے میں احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوگا۔ اسلام آباد میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ مارچ اور ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر رک سکتا، موجودہ حالات میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ماسکو کی جانب آنیوالے 338 ڈرونز تباہ، آئل ریفائنری تنصیب کو نقصان

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی فضائی دفاعی نظام نے ماسکو کی جانب آنے والے مجموعی طور پر 338 ڈرونز کو تباہ کر دیا، جبکہ جاری ڈرون حملے کے نتیجے میں ماسکو آئل ریفائنری کے احاطے میں واقع ایک تنصیب کو نقصان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پہنچ گئے

شہید کے درجات بلندی کیلئے فاتحہ خوانی، والد کے بلند حوصلے اور جذبے کو سراہا

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

گجرات میں بارشی پانی کے گڑھے میں ڈوب کر 2 کم سن بھائی جاں بحق

گجرات (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کے شہر گجرات میں بارشی پانی کے گڑھے میں ڈوب کر دو کم سن بھائی جاں بحق ہوگئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ مکمل

میڈیکل ٹیم میں پمز ہسپتال کے ماہر امراضِ چشم سمیت دیگر ڈاکٹرز شامل تھے

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ مکمل کر لیا گیا۔ جیل کے ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل آنے والی خصوصی میڈیکل ٹیم واپس روانہ ہو گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

فیول ریلیف اسکیم؛ پیٹرولیم ڈیلرز نے کمشنر کراچی کو خط لکھ دیا

کراچی (آئی این پی) فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے پیٹرولیم ڈیلرز نے کمشنر کراچی کو خط لکھ دیا۔ پی پی ڈی اے نے سکیم پر کوآرڈینیشن اجلاس طلب کرلیا، خط میں ڈیلرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سعودی عرب کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ

فضائی دفاع نے تمام حملوں کو ناکام بنا دیا، ترجمان سعودی اتحاد

ریاض (صباح نیوز) یمن کے حوثی گروپ کی جانب سے سعودی دارالحکومت ریاض کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل سعودی فضائی دفاعی نظام نے فضا میں ہی روک کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی، وزیر ریلوے حنیف عباسی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

حرمین شریفین کا دفاع پاکستان کیلئے اعزاز، حنیف عباسی

افغانستان دہشگردی کا بیس کیمپ بن چکا ہے، وزیر ریلوے

پاکستان ایک پرامن اور محفوظ ملک ہے جس کا کریڈٹ پاک فوج کو جاتا ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا دفاع پاکستان کے لیے ایک بہت بڑے اعزاز کی بات ہے، افغانستان دہشگردی کا بیس کیمپ بن چکا ہے جہاں اسرائیل اپنی ٹیکنالوجی اور بھارت اپنے پیسے کے ساتھ بیٹھا ہے جن لوگوں کو ہم نے 40 سال تک سینے سے لگایا وہ پاکستان کو گالیاں دیں یا میلی آنکھ سے دیکھیں یہ برداشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

وفاقی حکومت کا بجلی کی خرید و فروخت سے دستبرداری کا اعلان

بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے، وزیر توانائی اویس لغاری

عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ پانچ سال میں 800 میگاواٹ کی نیلامی کی جائیگی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

امریکا کو تعاون دینے والے ممالک کو رعایت نہیں ملے گی، ایران

علاقائی ممالک کو ایران کے خلاف کارروائی دینے کے منصوبوں سے خبردار رہنا چاہیے

تہران (بیورو رپورٹ) ایران نے امریکا کی جانب سے ممکنہ حملے میں علاقائی ممالک کے تعاون پر سخت ردعمل کی دھمکی دی ہے۔ ایرانی فوجی مرکزی کمان نے سرکاری میڈیا کے حوالے سے کہا ہے کہ اگر کسی علاقائی ملک نے ایران پر امریکی حملے میں مدد یا تعاون کیا تو اسے ایران کی جانب سے کسی قسم کی رعایت کی توقع نہیں رکھنی چاہیے۔ ایرانی فوجی کمان کا کہنا ہے کہ امریکا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ماسکو کی جانب آنیوالے 338 ڈرونز تباہ، آئل ریفائنری تنصیب کو نقصان

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی فضائی دفاعی نظام نے ماسکو کی جانب آنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پیٹرول کی قلت پیدا ہوگئی تو فی لیٹر قیمت 1000 تک بھی جاسکتی ہے، وزیر پٹرولیم

خطہ نہایت نازک دور سے گزر رہا ہے، موجودہ صورتحال میں ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جارہا ہے

سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملے قابل مذمت ہیں، وفاقی وزیر علی پرویز ملک کی لاہور میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک جانے کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ فی الحال ملک میں پیٹرول کی کوئی قلت نہیں تاہم اگر قلت پیدا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

مکہ معاہدہ، سعودی ضروریات کا جائزہ لیں گے، ترکیہ

یمن میں جنگ ختم کرنے کے لیے تمام فریقین تک تجاویز پہنچا دیں، گفتگو

انقرہ (صباح نیوز) ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے کہا ہے کہ یمنی حوثیوں کے جاری حملوں کے باعث سعودی عرب کی کچھ عسکری ضروریات ہو سکتی ہیں، پاکستان کے ساتھ مکہ معاہدے کے تحت اس عسکری ضروریات کا جائزہ لیں گے۔ حاقان فیدان نے ترک نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یمن میں جنگ ختم کرنے کے لیے تمام فریقین تک تجاویز پہنچادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ہنگو فورسز کا آپریشن 8 دہشتگرد ہلاک 6 جوان شہید

بہادر جوانوں کی یہ قربانیاں ملک کے دفاع اور قوم کی حفاظت کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں اور سیکیورٹی فورسز ملک کے تحفظ کے لیے ہر قیمت پر اپنا فرض ادا کرتی رہیں گی

علاقے میں کسی بھی دیگر بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے، آئی ایس پی آر

خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے خلاف کارروائی کی اور اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا جبکہ پاک فوج کے دو افسران سمیت 6 جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق ہنگو میں 20 ستمبر کو سیکیورٹی فورسز کے قافلے اور خوارج کے درمیان فائرنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

کراچی، کنوینر خالد مقبول صدیقی ایم کیو ایم کی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

سیلز ٹیکس، ایکسائز ریٹرنز جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

شرط یہ ہے کہ واجب الادا سیلز ٹیکس وقت پر جمع کرایا گیا ہو، ایف بی آر

اسلام آباد (صباح نیوز) ایف بی آر نے سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کر دی۔ ایف بی آر کی جانب سے اگست 2026 کے ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ بڑھا دی گئی ہے جس کے مطابق سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز اب 25 ستمبر 2026 تک جمع ہوسکیں گے۔ ایف بی آر کی جانب یہ توسیع تمام ٹیکس دہندگان کے لیے ہے لیکن شرط یہ ہے کہ واجب الادا سیلز ٹیکس وقت پر جمع کرایا گیا ہو، توسیع سیکشن 74 سیلز ٹیکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

کراچی، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کیڈٹ کالج ملیر دورہ کے موقع پر خصوصی سیشن میں شریک ہیں

جنرل اسمبلی، عالمی رہنماؤں کی تقاریر کا شیڈول جاری

22 ستمبر کو ٹرمپ، ترک، فرانسیسی صدور، قطر کے امیر دیگر خطاب کریں گے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 81 ویں اجلاس میں عالمی رہنماؤں کی تقاریر کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ شیڈول کے مطابق ٹرمپ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ
موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں
STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف
جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں
STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010
چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر
9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی
STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I | پنجاب P
خیبر پختونخوا K | گلگت بلتستان G
سندھ S | بلوچستان B
آزاد جموں و کشمیر A

REG 4650191820545 LHR123 P 30082018
مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات ونشریات حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk
PID (I) 2699-D/26

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

امریکی و اسرائیلی سازشیں اور حوثیوں کے عزائم!

ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دورۂ چین کے دوران چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا جس میں خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق، دونوں رہنماؤں نے علاقائی پیش رفت پر مشاورت کی جبکہ پاکستانی حکام کے مطابق گفتگو میں خطے میں جاری کشیدگی اور حوثیوں کے حملوں سمیت امن و استحکام کی کوششوں پر بھی بات ہوئی۔ دوسری جانب، سعودی عرب کی درخواست پر چین نے ایران سے کہا ہے کہ وہ یمن کے حوثیوں کو سعودی عرب اور خطے میں حملے روکنے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرے۔ بیجنگ نے نجی طور پر تہران سے حوثیوں کو قابو کرنے میں مدد دینے کی درخواست کی ہے کیونکہ بحیرۂ احمر اور باب المندب کے اطراف کشیدگی سے تیل کی ترسیل اور عالمی تجارت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ چین نے سرکاری طور پر بھی خطے میں کشیدگی کم کرنے، مذاکرات اور محفوظ بحری آمدورفت بحال رکھنے پر زور دیا ہے۔ ادھر، سعودی عرب کے شہر طائف میں ایک حوثی ڈرون کو فضا میں روک کر تباہ کیے جانے کے بعد اس کا ملبہ گرنے سے ایک یمنی شہری جاں بحق اور ایک سعودی خاتون اور ایک پاکستانی شہری زخمی ہو گئے۔ سعودی سول ڈیفنس کے مطابق، پاکستانی شہری کی حالت تشویش ناک ہے جبکہ ملبہ گرنے سے متعدد عمارتوں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔ ایران امریکا محاذ ابھی سنبھل نہیں رہا تھا کہ حوثیوں نے نئی جنگ چھیڑ دی۔ حیران کن امر یہ ہے کہ حوثیوں کی نسبتاً محدود فوجی طاقت اچانک سعودی عرب پر اتنے بڑے حملے کرنے کی پوزیشن میں کیسے آ گئی کہ طائف تک ڈرون پہنچا دیا گیا۔ دو روز پہلے مکہ کے قریب بھی ایک میزائل کو سعودی فورسز نے ہدف تک پہنچنے سے پہلے تباہ کر دیا تھا۔ سوال یہ ہے کہ ایسی جدید ٹیکنالوجی اچانک حوثیوں کے پاس کہاں سے آ گئی؟ یہ صورتحال ان رپورٹس کو تقویت دیتی ہے جن میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ حوثیوں کے پیچھے امریکا اور اسرائیل کا ہاتھ ہے۔ ایسی رپورٹس بھی سامنے آ چکی ہیں کہ حوثیوں کے ساتھ امریکی وفد کے خفیہ مذاکرات ہوئے جن میں یہ طے پایا کہ حوثی امریکا اور اسرائیل کے مفادات کو نقصان نہیں پہنچائیں گے اور اس کے بدلے امریکا حوثیوں کے خلاف حملے نہیں کرے گا۔ اب یہ بات بھی کہی جا رہی ہے کہ امریکا سعودی عرب کو ابراہیمی معاہدوں میں شامل ہونے پر دباؤ میں لانے کے لیے حوثیوں کی مدد سے سعودی عرب پر حملے کروا رہا ہے۔ یہ منطق اس لیے بھی قابلِ غور سمجھی جا رہی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے سعودی عرب کو ابراہیمی معاہدوں میں شامل ہونے کی دعوت مسلسل دی جاتی رہی ہے جبکہ سعودی عرب کا موقف یہ رہا ہے کہ پہلے مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کو عملی شکل دی جائے۔ چین کی جانب سے ایران پر زور دینا کہ وہ حوثیوں کو سعودی عرب پر حملوں سے باز رکھنے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرے اس صورتحال میں معنی خیز ہے۔ ایران سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں میں معاونت کی تردید کرتا ہے، تاہم اس میں بھی دو رائے نہیں کہ ایران کے یمنی حوثیوں کے ساتھ رابطے اور تعلقات ہیں۔ اگر واقعی امریکا اور اسرائیل حوثیوں کی پشت پناہی نہیں کر رہے تو ایران اپنے دیرینہ تعلقات کی بنیاد پر انہیں سعودی عرب پر حملوں سے روک سکتا ہے۔ اگر اسرائیل اور امریکا حوثیوں کی پشت پناہی کر رہے ہیں تو پھر ایران کے لیے حوثیوں کو بہر صورت سعودی عرب پر حملوں سے روکنا نہ صرف ناگزیر ہو جاتا ہے بلکہ یہ ایران کو چیلنج کرنے کے بھی مترادف ہے۔ بدترین دشمن کی پشت پناہی حاصل کرنے والا آپ کا جتنا بھی دوست اور حلیف ہو وہ بدترین دشمن ہی کی صف میں شمار ہوتا ہے۔

مشرقِ وسطیٰ میں صورتحال ہر گزرتے دن کے ساتھ زیادہ گھمبیر اور افسوس ناک ہوتی جا رہی ہے۔ امریکا کی ایران پر مسلط کی گئی جنگ کے بعد جو صورتحال پیدا ہوئی تھی ابھی اسی میں کوئی خاص بہتری نہیں آئی تھی کہ یمن کے حوثی باغیوں نے معاملات کو مزید بگاڑنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا شروع کر دیا ہے۔ امریکا اور ایران کے مابین جاری کشیدگی کی وجہ سے پہلے دنیا کی توانائی کی ضروریات کے لیے بیس فیصد حصہ مہیا کرنے والی آبنائے ہرمز بند ہوئی جس سے عالمی معیشت کو شدید دباؤ کا سامنا کرنا اور اب باب المندب کی بندش مزید مسائل پیدا کرنے کا باعث بن رہی ہے۔ اس سلسلے میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے خاتمے کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے آبنائے ہرمز اور باب المندب میں آزاد جہاز رانی بحال کرنے کا مطالبہ تو کیا ہے لیکن نقار خانے میں طوطی کی آواز سنے گا کون!

اس صورتحال کا سب سے خوف ناک اور خطرناک ترین پہلو دو روز پہلے سامنے آیا جب مبینہ طور پر حوثی باغیوں نے مسلم امہ کے لیے مقدس ترین شہر کی حیثیت رکھنے والے مکہ مکرمہ کی طرف ایک ڈرون بھیجا جسے سعودی عرب کے فضائی دفاعی نظام نے شہر کی حدود میں داخل ہونے سے پہلے ہی تباہ کر دیا۔ سعودی قیادت میں یمن میں قائم اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی کے مطابق ڈرون کو منگل 15 ستمبر کی شام تقریباً 6 بج کر 50 منٹ پر مکہ مکرمہ کے جنوب میں اس وقت روک کر تباہ کیا گیا جب وہ مقدس شہر کی ممنوعہ فضائی حدود میں داخل ہونے والا تھا۔ ڈرون کا ملبہ شہر کے جنوب میں گرا۔ ترجمان نے واقعے کو مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی حوثیوں کی دوسری کوشش قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل 27 جولائی 2017ء کو بھی حوثی فورسز نے مقدس شہر کی جانب بیلسٹک میزائل داغا تھا۔ ترکی المالکی نے مزید کہا کہ مسجد الحرام اور مقدس مقامات کی سکیورٹی اور حجاج کا تحفظ ریڈ لائن ہے جبکہ مزید حملوں کی روک تھام کے لیے اتحاد ضروری اقدامات کرے گا۔

موجودہ صورتحال میں یہ اکیلا واقعہ اتنی اہمیت کا حامل ہے کہ اس کی وجہ سے پورے مشرقِ وسطیٰ میں قابو میں نہ آنے والی ہلچل مچ سکتی ہے۔

علاوہ ازیں، اقوام متحدہ نے بھی سعودی عرب پر حوثی حملوں کو ناقابلِ قبول قرار دیتے ہوئے خطے میں کشیدگی کم کرنے اور شہریوں کے تحفظ پر زور دیا ہے۔ ترجمان اقوام متحدہ کے مطابق، سعودی عرب کے مختلف علاقوں میں حوثی حملوں کے بعد صورتحال پر گہری تشویش ہے۔ اقوام متحدہ نے فریقین پر زور دیا ہے کہ کشیدگی میں اضافے سے گریز کیا جائے اور شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

سادگی کو قومی طرزِ زندگی کا دائمی حصہ بنا دیا جائے!

وزیراعظم شہباز شریف نے مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ملک بھر میں سادگی اور کفایت شعاری مہم کی منظوری دے دی ہے۔ تین ماہ کے لئے سرکاری فیول میں 50 فیصد کٹوتی، غیرملکی دوروں، گاڑیوں کی خریداری پر پابندی، شادی تقریبات میں ون ڈش پیش کرنے کا فیصلہ، دُکانیں، مارکیٹیں، شاپنگ مال، بازار رات نو بجے اور تقریبات 10 بجے تک بند ہوں گی۔ تمام ہوٹل، ریستوران، کیفے رات 11 بجے بند ہوں گے۔ فارمیسی، لیبارٹریاں، کلینک، ہسپتال، تندور، پٹرول پمپ، جم، آئی ٹی کمپنیاں اور کال سینٹر اِس پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے۔ کفایت شعاری سے استثنیٰ کی درخواستوں پر حتمی منظوری وزیراعظم دیں گے جبکہ یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ صوبائی اور علاقائی حکومتیں بھی اِس نوعیت کے اقدامات کر سکتی ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ میں روز بروز بڑھتی کشیدگی اور اُس کے نتیجے میں عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں زبردست اضافے نے عالمی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کے لئے ایسے بیرونی جھٹکے دراصل زلزلوں سے کم نہیں ہوتے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے زیرِ صدارت ہونے والے اجلاس میں ملک بھر میں سادگی اور کفایت شعاری مہم کی منظوری بروقت اور خوش آئند قدم ہے۔ وفاقی حکومت نے 70 سی سی تک کی موٹر سائیکل اور رکشے کے لئے 20 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر یعنی مہینے میں مجموعی طور پر دو ہزار جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے لئے 30 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کے حساب سے مجموعی طور پر تین ہزار روپے ماہانہ سبسڈی کا اقدام بلا شبہ غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف دینے کی بڑی کوشش ہے۔

حکومتِ وقت کا دعویٰ کہ "قربانی کا آغاز سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے ہوگا" ایک مثبت سیاسی اور اخلاقی پیغام رکھتا ہے تاہم پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کی حکومت اور اشرافیہ کو تو اِن اقدامات کو عارضی نہیں بلکہ مستقل بنیادوں پر اپنانا چاہئے۔ پاکستان اِس وقت جن معاشی حالات سے نبرد آزما ہے اُن کے تحت تو ہمیں ہمیشہ اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے چاہئیں کیونکہ یہ محض کوئی محاورہ نہیں بلکہ ہماری بقاء کا تقاضہ ہے۔ وفاق سے لیکر صوبوں تک افسر شاہی کی ایک بڑی فوج ظفر موج موجود ہے۔ ہر چھوٹے بڑے سرکاری افسر کو دی جانے والی گاڑیاں، اُن کا پٹرول اور مختلف طرح کے الاؤنسوں سمیت دیگر مراعات پر اُٹھنے والے خطیر اخراجات کا جواز تلاش کرنا آسان نہیں۔ بسا اوقات افسران کرام کئی کئی عہدے اپنے پاس رکھ کر اِن کی مراعات سے فائدے اُٹھاتے ہیں۔ حکومت واقعتاً سادگی نافذ کرنا چاہتی ہے تو اِسے اِن بے جا مراعات پر بھی نظرِ ثانی کرنی چاہئے۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارتِ خزانہ نے آئندہ سال پاکستان میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کی میزبانی کے لئے چھ ارب ساٹھ کروڑ کی خطیر رقم سے 30 بلٹ پروف گاڑیاں خریدنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس فیصلے پر تنقید ہوئی تو کہا گیا کہ غیرملکی وفود کی حفاظت کے پیشِ نظر بلٹ پروف گاڑیاں مطلوب تھیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ گاڑیاں کرائے پر یا عارضی بنیادوں پر حاصل نہیں کی جا سکتی تھیں؟ کانفرنس مکمل ہو جائے گی تو یہ گاڑیاں اہلِ اقتدار و اختیار کے زیرِ استعمال آ جائیں گی۔ ترقی پذیر اور وسائل کی کمی کا شکار ممالک میں حکومتوں کی ترجیحات اور عوامی طرزِ زندگی میں اعتدال پسندی اولین ترجیح ہونی چاہئے۔ کئی ترقی یافتہ اور باوسائل ممالک میں بھی وزراء اور اعلیٰ حکام کو پبلک ٹرانسپورٹ یا معمولی گاڑیوں پر سفر کرتے دیکھا جا سکتا ہے لیکن ہمارے ہاں شاہانہ انداز آج بھی رائج ہے۔

کفایت شعاری مہم کی کامیابی کے لئے یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ وفاق کے ساتھ ساتھ تمام صوبائی اور علاقائی حکومتیں بھی کامل یکسوئی اور سیاسی اختلاف سے بالاتر ہو کر اِس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ وفاق میں کچھ اقدامات کیے جاتے ہیں لیکن صوبوں میں پرانی شاہ خرچیاں قائم رہتی ہیں تو خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہوں گے۔ صوبائی سطح پر بھی سرکاری ایندھن کے استعمال کی سخت نگرانی کے علاوہ نہ صرف کفایت شعاری کے تمام تر اقدامات کیے جانے چاہئیں بلکہ عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی کوشش بھی کی جانی چاہئے۔ رواں سال اپریل میں پنجاب میں پبلک ٹرانسپورٹ کو مکمل طور پر مفت کر دیا گیا تھا، اِس ریلیف پر عوام بہت مسرور و مطمئن تھے، ملک کے تمام صوبوں اور خطوں میں اِسی طرح کے ریلیف دینے کے بارے میں غور کیا جانا چاہئے۔ تجارتی مراکز کو رات گئے تک کھلا رکھنے کا کلچر نہ صرف بجلی اور ایندھن کا بے پناہ ضیاع ہے بلکہ منفی اور غیر پیداواری عادات کو بھی فروغ دیتا ہے۔ حکومتی اقدامات میں جو ریلیف عام موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چھوٹی گاڑیوں کے لئے فیول سبسڈی کی صورت میں دیا گیا ہے وہ یقیناً درست ہے تاہم اِس کی شفافیت اور مستحقین تک رسائی کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے فول پروف بنانا ایک بڑا چیلنج ہے۔ بے شک وزیراعظم کا سادگی و کفایت شعاری پیکیج وقت کی اہم ترین ضرورت ہے لیکن اِسے مستقل بنیادوں پر اپنایا جانا چاہئے۔ قومیں ہنگامی اعلانات سے نہیں بلکہ مستقل اصلاحات اور پائیدار ضوابط سے سنبھلتی ہیں۔ اگر ہم نے اب بھی مستقل بنیادوں پر چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا نہ سیکھا اور شاہ خرچیوں کو ختم نہ کیا تو عالمی منڈی میں معمولی سی ہل چل بھی مچی تو پھر ہم دوبارہ اِسی موڑ پر کھڑے ہوں گے۔ وقت کا تقاضہ یہی ہے کہ سادگی کو تین ماہ کا عارضی منصوبہ بنانے کے بجائے قومی طرزِ زندگی کا دائمی حصہ بنا دیا جائے۔

ایران امریکہ جنگ پھیلتی جائے گی؟

اسرائیل نے جنگ شروع کی اس کی مدد کو آیا بلکہ امریکہ کو اسرائیل نے گھیرا اسے غلط معلومات دیں کہ ایرانی عوام اپنے حکمرانوں کے شدید خلاف ہیں۔ جنگ کی صورت میں وہ اٹھ کھڑے ہوں گے اور اس طرح رجیم تبدیل ہو سکے گی۔ امریکہ، بلکہ ڈونلڈ ٹرمپ ایران فتح کرنے کے زعم میں جنگ میں کود پڑا۔ شروع شروع میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر ٹھیک ٹھیک نشانے لگائے گئے۔ ایرانی عسکری اور جوہری قیادت کو شہید کیا، حتیٰ کہ ایرانی رہبرِ اعلیٰ بھی شہید کر دیئے گئے ایران میں ناامیدی پھیلی لیکن قوم اکٹھی ہو گئی۔ امریکہ و اسرائیل دشمنی نے ایرانی قوم کو متحد کر دیا اور وہ ڈٹ گئی۔ ایران میں تباہی و بربادی ہوئی۔ چار دہائیوں سے زائد مدت سے ایران عالمی پابندیوں کا شکار ہے اس کی معیشت کافی کمزور ہو چکی ہے۔ عوام شدید اور سنجیدہ مسائل کا شکار ہیں۔ پاسدارانِ انقلاب کی گرفت اور معاملات کو اپنے ہی انداز میں چلانے کی کاوشوں نے معاشرتی گھٹن میں اضافہ کیا ہے۔ جنگ نے ایسے اور دیگر مسائل میں بھی اضافہ کیا ہے لیکن ایرانیوں کی اپنی ہی طرز پر جنگ کی تیاری بلکہ بھرپور تیاری نے معاملات کو نیا رخ دے دیا ہے۔ ایران نے مار خوب کھائی ہے، تباہی و بربادی کا سامنا کیا ہے لیکن ان کے لڑنے، مرنے مارنے اور نہ جھکنے کے عزم نے معاملات کو بالکل نئی جہت دے ڈالی ہے۔ ایران نے روایتی جنگ کی بجائے ڈرونز، راکٹ اور خودکش کشتیوں کے استعمال کے ذریعے جنگ کا پانسہ پلٹ دیا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ کو تباہی سے ہمکنار کر دیا ہے۔ تیل کی عالمی تجارتی منڈی میں لرزہ طاری ہو گیا ہے۔ آبنائے ہرمز پر کنٹرول حاصل کرنے کے باعث ایران کی مذاکراتی پوزیشن بہت بہتر ہو گئی ہے۔ حوثیوں کے ذریعے باب المندب پر کنٹرول حاصل کرنے کے ساتھ ہی ایران کی پوزیشن فیصلہ کن ہو جائے گی۔ ڈونلڈ ٹرمپ کو تو اپنے ہی ملک میں شکست کا سامنا ہے ٹرمپ جنگ ہار چکا ہے۔ اب جنگ بند کرنے کی چابی اکیلے ایران کے پاس ہے۔ وہ دو بڑے عالمی تجارتی راستوں پر کنٹرول حاصل کرنے کے بعد طاقتور ہو چکا ہے۔ ایران نے ڈرونز اور راکٹوں / میزائلوں کے منظم اور جرائت مندانہ استعمال کے ذریعے جس طرح تباہی مچائی وہ حیرت انگیز ہے اور جس طرح دشمنوں کے لئے جنگ کی قیمت میں ہوشربا اضافہ کیا وہ بھی مثالی ہے۔ امریکی بحری اڈے کہاں گئے؟ امریکی بحری جہاز، قومی الجمۃ جنگی بحری بیڑوں کا کیا ہوا، کچھ پتہ نہیں ہے۔ ایران تاک تاک کر نشانے لگا رہا ہے۔ امریکی اتحادی امریکہ کا ساتھ چھوڑ چکے ہیں۔ امریکہ اپنے اتحادیوں کو ایرانی ڈرونز اور میزائلوں سے بچانے کی پوزیشن میں نہیں رہا، ایران نے نہ صرف امریکی عسکری برتری کا پردہ چاک کر دیا ہے بلکہ عالمی معیشت میں امریکی برتری کو بھی چیلنج کرنا شروع کر دیا ہے۔ تیل کی تجارت یعنی خرید و فروخت کے نئے معاہدے ڈالر کی بجائے لوکل کرنسی میں انجام پا رہے ہیں۔ ڈی ڈالرائزیشن کا عمل تیز ہو گیا ہے۔ ٹرمپ کو کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا کہ وہ ایران کے خلاف کیا کرے کہ وہ جنگ بندی پر آمادہ ہو جائے اور ٹرمپ کی اس کمبل سے جان چھوٹ جائے۔ ایران اس وقت جنگ کی بطور فاتح قیادت کر رہا ہے۔ عالمی معیشت کی شہ رگ ہرمز ہی نہیں بلکہ باب المندب بھی اس کی رسائی میں آ گیا ہے۔ ایران نے عربوں کی تیل اور سیاحت کی معیشت کا دھڑن تختہ کر دیا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ معاشی بدحالی کا شکار کر دیا گیا ہے اب ان کے پاس اس بربادی سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آ رہا ہے۔ جنگ بندی اور امن کی تباہی اور کاوش ضرور ہو رہی ہے لیکن جنگ پھیلانے کی سنجیدہ کاوشیں بھی جاری ہیں۔ ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ حدود کعبہ کی طرف ڈرون کس نے چلایا۔ سعودی عرب پر تابڑ توڑ حملے تو حوثی ہی کر رہے ہیں۔ عراقی سرحدوں کے اس پار سے سعودی عرب پر حملہ کس نے کیا۔ سعودی شہر طائف پر حملے ہو رہے ہیں۔ سعودی عرب کو جنگ میں ملوث کیا جا چکا ہے۔ مسلمانوں کے روحانی مراکز مکۃ المکرمہ اور مدینۃ المنورہ بھی خطرات میں گھرے نظر آ رہے ہیں۔ ایرانی شیعہ ہوں یا یمنی حوثی وہ اسرائیل سے بھی زیادہ سعودی عرب سے نفرت اور بیر رکھتے ہیں۔ تاریخی اعتبار سے عرب و عجم کی دشمنی کچھ بھی گل کھلا سکتی ہے۔ تاریخ میں پہلے بھی یہ دشمنی حرم کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتی رہی ہے اور اب بھی ظاہر ہو گئی ہے۔ ایران کی شیعہ پراکسیز نے یہود اور نصاریٰ کی بجائے اپنے ہی کلمہ گو بھائیوں کے خلاف مورچہ زنی اختیار کی ہوئی ہے۔ ایرانی میزائلوں اور ڈرونوں نے عربوں پر تباہی و بربادی نازل کی ہے۔ اسرائیل تو پہلے سے بھی زیادہ بدمعاش بنتا چلا گیا ہے۔ جنگ اسرائیل نے شروع کی تھی لیکن وہ بڑی ذہانت کے ساتھ اس جنگ سے نکل گیا اور لبنان، شام اور دیگر علاقوں میں اپنی طے شدہ حکمت عملی کے ذریعے گریٹر اسرائیل کے نقشے میں رنگ بھرنے میں مصروف ہے اس جنگ میں اگر کوئی فریق فاتح ہے یا اس جنگ سے مستفید ہو رہا ہے تو وہ اسرائیل ہے کیونکہ اس جنگ کے نتیجے میں نقصانات عربوں و مسلمانوں کے ہی ہو رہے ہیں۔ تباہی و بربادی بھی مسلمانوں کی ہو رہی ہے۔ ایران ہو یا سعودی عرب، یو اے ای، قطر، کویت وغیرہ .... تباہی و بربادی کا سامنا عرب و عجم کے مسلمان کر رہے ہیں اب تو بات مکہ مدینہ تک آن پہنچی ہے حالانکہ ہمارا مقصد بیت المقدس کی بازیابی ہونا چاہیے، ہمارا فوکس مسجد اقصیٰ ہونا چاہیے، فلسطین کی آزادی ہونا چاہیے، لیکن ہم تو اپنی آزادی و خودمختاری کے لئے پریشان نظر آ رہے ہیں۔ ہمارا ایمانی محور و مرکز، ہمارا قبلہ و کعبہ، ہمارا مکہ و مدینہ اس جنگ کے نشانے پر آ گیا ہے۔ حدود مکہ تک ڈرون کا پہنچنا، گو اسے فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا تھا لیکن اس پر فائر تو کیا گیا ہے یہ فائر ٹیسٹ بھی ہو سکتا ہے اس جنگ میں اب فریقین واضح ہو چکے ہیں۔ امریکہ اسرائیل حقیقی فریق ضرور ہیں لیکن سر دست جنگ ایرانیوں، حوثیوں اور عربوں کے درمیان ہو رہی ہے۔ بالواسطہ طور پر پاکستان اور ترکی بھی ملوث ہو چکے ہیں۔ مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب، پاکستان اور ترکی ایک دوسرے کے جنگی حلیف بھی ہیں، جب مسلمانوں کا مکہ مدینہ نشانے پر ہو گا تو ہر مسلمان اس جنگ کا فریق ہو گا۔ جنگ رکتی نہیں پھیلتی نظر آ رہی ہے۔

ممتاز نامہ، جہانِ حیرت

بعض شخصیات کی زندگی کے اتنے رنگ، اتنے متنوع پہلو ہوتے ہیں کہ آپ ایک نظر میں اُن کا احاطہ نہیں کر سکتے۔ انجینئر ممتاز احمد خان ایک ایسی ہی شخصیت کے مالک ہیں۔ ایک طرف دیکھیں تو انہیں سُروں کا بادشاہ کہہ سکتے ہیں، بانسری اور ستار ایسے بجاتے ہیں کہ سننے والوں کو اپنی ہوش نہیں رہتی۔ علامہ اقبالؒ کے اتنے بڑے شیدائی ہیں کہ اُن کے کلام زیرِ زبر تک یاد ہیں۔ پھر جب وہ شکوہ، جواب شکوہ نظمیں سناتے ہیں تو اُن کے لہجے کی روانی اور زیر و بم گویا روح میں بجلیاں سی دوڑا دیتا ہے۔ کالا باغ ڈیم کے بہت بڑے مبلغ ہیں اور اس موضوع پر انہیں اتھارٹی کا درجہ حاصل ہے۔ اس کے لئے کوششیں کرتے رہے ہیں اور اب بھی پورے سیاق و سباق اور تحقیق کے ساتھ یہ ثابت کرتے ہیں کہ کالا باغ ڈیم میں ملک کا فائدہ ہی فائدہ ہے نقصان بالکل نہیں، جو نقصان کی باتیں کرتے ہیں، اُن کے سیاسی مقاصد ہیں۔ اپنی بات پر ڈٹے رہتے ہیں اور احوال و نظریات کو پلے سے باندھ رکھا ہے۔ یہ ساری تمہید میں نے اس لئے باندھی ہے کہ میرے سامنے اُن کی زندگی بھر کا نچوڑ "ممتاز نامہ" کے عنوان سے موجود ہے۔ 432 صفحات پر مشتمل یہ کتاب ایک ایسے سچے پاکستانی کی زندگی کا منظر نامہ ہے، جو مثبت سوچتا ہے اور پاکستان کو دنیا کا سب سے عظیم ملک سمجھتا ہے۔ یہ اُن کی سوانح عمری نہیں بلکہ اُن کے اردگرد زندگی نے جس طرح جنم لیا ہے، جن مناظر و مقامات سے گذرے، جن شخصیات اور دوستوں سے زندگی کا رابطہ استوار ہوا، سفر کی جن منزلوں سے گزرتے رہے اور ایک سیاح کی حیثیت سے جو کچھ دیکھا، اُن سب کا اس کتاب میں بڑے سلیقے اور تفصیل سے بیان ہوا ہے۔ اس کتاب کو مختلف گوشوں میں تقسیم کیا جائے تو اس کے باآسانی ابواب بنائے جا سکتے ہیں لیکن مصنف نے غالباً اسے ایک تیز اور کھلے بہاؤ میں آگے بڑھنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ کتاب کی دلچسپی بھی اسی لئے بہت بڑھ جاتی ہے کہ اس کے منظر نامے کا ٹیمپو بہت تیز ہے۔ منظر کے بعد منظر بدلتا ہے، صورت کے بعد ایک اور خوبصورتی جلوہ گر ہوتی ہے۔ انجینئر ممتاز احمد خان چونکہ ملتان میں رہتے ہیں، اس لئے اس کتاب میں ملتان کی یادیں اور تحقیقات بھی نمایاں جگہ پاتی ہے۔ کتاب کے حرفِ اول میں وہ لکھتے ہیں۔ "میری یہ تصنیف مروجہ معنوں میں "سوانح" نہیں ہے، فنی طور پر ایک سوانح مصنف کی زندگی کا واقعاتی ترتیب میں وہ ریکارڈ ہوتا ہے جس میں ناگزیر طور پر ایسی تفاصیل بھی شامل ہوتی ہیں جو ریکارڈ کے نکتہ نظر سے اہم اور ضروری ہونے کے باوجود ایک عام قاری کے لئے دلچسپ ہوتی ہے، چنانچہ اس "سوانح" میں مَیں نے شعوری طور پر اُن واقعات، تجربات اور مشاہدات کا ذکر کیا ہے، جنہیں میں نے اپنی دانست میں زندگی کے ہر شعبہ سے متعلق قاری کے لئے نہ صرف دلچسپ بلکہ اس سے بھی بڑھ کر معلومات افزاء اور ایک اہم پیغام کا حامل سمجھا"۔

اُن کی اس وضاحت کے تناظر میں ممتاز نامہ کا جائزہ لیا جائے تو واقعی اُس میں دلچسپی اور معلومات کے اَن گنت رنگ بکھرے ہوئے ہیں۔ اُن کے اندر کا سیاح جب مختلف ممالک کی سیاحت پر جاتا ہے تو ایک طرف معلومات کے ڈھیر لگا دیتا ہے اور دوسری طرف ایسے دلچسپ واقعات سے قاری کو محظوظ کرتا ہے جو صرف ایک بینا آنکھ والا سیاح ہی دیکھ سکتا ہے۔ ایسے واقعات کے بیان میں انجینئر ممتاز احمد خان کی نثر شگفتہ بیانی کا لبادہ اوڑھ لیتی ہے۔ ایک اچھے سفرنامہ نگار کے طور پر وہ واقعات، مناظر اور کرداروں کو بیان کرتے چلے جاتے ہیں۔ وہ ڈھونڈ ڈھونڈ کے ایسے مناظر اور واقعات سامنے لاتے ہیں جن میں ایک پیغام ایک سبق ہو۔ انہوں نے کئی مغربی و اسلامی ممالک کی سیاحت کی ہے۔ گویا یہ اُن کے وسیع مشاہدے کی ایک وجہ ہے جس کے تناظر میں وہ اپنے اردگرد کی زندگی کے تضادات بھی تلاش کرتے ہیں اور وہ خوبیاں بھی جو عام طور پر نظروں سے اُوجھل رہتی ہیں۔ یہ کتاب اس لئے بھی اہمیت کی حامل ہے کہ اس میں پاکستانی معاشرے کے مختلف شعبوں کی خوبیوں، خامیوں اور مسائل پر بھی ایک بھرپور تجزیاتی نگاہ ڈالی گئی ہے۔ وہ آنکھ بند کر کے گذر جانے والے آدمی نہیں ہیں۔ کھلی آنکھوں سے سب کچھ دیکھتے ہیں پھر اُس کا محاکمہ کرتے ہیں وہ جب قومی مسائل کے حوالے سے لکھتے ہیں تو ایک دردمند دِل رکھنے والے پاکستانی کی حیثیت سے وہ سب کچھ پوری سچائی سے لکھ جاتے ہیں، جو ہم عام طور پر کسی مصلحت کی وجہ سے صرفِ نظر کر دیتے ہیں۔ انصاف کا بہیمانہ خون یا قوم کے سیاسی شعور کا المیہ کے عنوان سے لکھے گئے مضمون اُن کے اندر کے اُس کرب کو ظاہر کرتے ہیں، جو ایسے عوامل کی وجہ سے جنم لیتا ہے، زندگی اگر رنگوں کا مجموعہ ہے تو ممتاز نامہ اُن رنگوں سے سجا ہے۔ کہیں سفرنامے کے رنگ نظر آتے ہیں، کہیں آپ بیتی کے، کہیں ایک بالغ نظر مبصر اپنی رائے دیتا دکھائی دیتا ہے۔ کہیں ملکی سیاست اور عالمی استعمار کے بارے میں نقاب کشا پہلو دکھانے والا صاحب الرائے، کہیں کالا باغ ڈیم کا ایک مضبوط اور مدلل مقدمہ پیش کرنے والا وکیل تو کہیں اُن بھٹکے ہوؤں کی رہنمائی کرتا ہوا رہبر جو زمانے کے پروپیگنڈے سے متاثر ہو کر اپنی راہ کو بھول چکے ہیں۔

اس کتاب کے ابتدائی ابواب اُن کی ذاتی زندگی سے متعلق ہیں اور بہت دلچسپ ہیں۔ ان ابواب میں اُن کی شگفتہ بیانی اور نثر کی خوبصورتی اپنے عروج پر نظر آتی ہے۔ موسیقی اُن کا سب سے بڑا شوق بھی ہے اور جنون بھی۔ میں موسیقار کیسے بنا؟ کے عنوان سے انہوں نے بہت دلچسپ معلومات آشکار کی ہیں۔ 1967ء میں وہ یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں داخل ہوئے تھے۔ اُس وقت یونیورسٹی کے ہوسٹلز مختلف کوٹھیوں میں بنائے گئے تھے، اسی ہوسٹل لائف میں انہوں نے ایک دن دیگر طالب علموں کے ہمراہ ایک بزرگ کو بانسری بجاتے دیکھا۔ ہوسٹل میں مقیم طالب علموں نے اُن سے روزانہ بانسری سنی اور پھر ایک دن ایسا آیا کہ بہت سے نوجوان اُن کے شاگرد ہو گئے۔ یہاں سے بانسری بجانے کا جو شوق شروع ہوا وہ انجینئر ممتاز احمد خان کی زندگی کا حصہ بن گیا۔ آج وہ خود بانسری کے ایک بے مثل استاد ہیں اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ ان کے اندر شروع ہی سے ایک فنکار موجود تھا جسے راہ لاہور میں جا کے ملی، پھر وہ ستار اور ہارمونیم کے بھی مشاق موسیقار بن گئے۔ اس کتاب میں شخصیات کا بھی ایک گوشہ ہے۔ اس گوشے میں انجینئر ممتاز احمد خان نے ملتان کی مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات پر گویا عمدہ خاکے لکھے ہیں۔ کتاب کی سب سے بڑی خوبصورتی اس کی رواں، سہل اور خوبصورت نثر ہے۔ اتنے متنوع موضوعات پر ہر موضوع کے مزاج کو برقرار رکھتے ہوئے لکھنا کوئی آسان کام نہیں مگر ممتاز نامہ کو پڑھ کر قاری کہیں بھی بوجھل پن کا شکار نہیں ہوتا۔

شہر نامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت

پاکستان میں بچیوں اور عورتوں کے لیے کوئی تحفظ نہیں: کنزا ہاشمی

لاہور (پی این پی) جیو فلمز کے اشتراک سے بننے والی اینتھالوجی فلم 'شیروز' کی نامور اداکارہ کنزا ہاشمی کا کہنا ہے کہ پاکستان میں بچیوں اور عورتوں کے لیے کوئی تحفظ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ آئے دن بدترین خبریں سامنے آتی رہتی ہیں، حکومت کو بچیوں اور خواتین کے لیے قانون سازی کرنی پڑے گی تاکہ ہم اپنے آپ کو سیف محسوس کر سکیں۔ فلم اور ڈراموں کی اداکارہ نے حکومت سے درخواست کی کہ جگہ جگہ کیمرے لگائے جائیں، عورتوں کے لیے ایک الگ ہیلپ لائن بنائے جائے، جس پر اگر ایمرجنسی میں کال کی جائے تو 5 منٹ میں فوری طور ایکشن لیتے ہوئے ان کی مدد کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں میں کیمرے لگائے جائیں، والدین کے پاس ان کیمروں تک رسائی ہونی چاہیے، تاکہ وہ بچوں کو دیکھ سکیں کہ ان کے بچے اسکول میں کیا کر رہے ہیں۔ کنزا ہاشمی نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ میرا تعلق پنجاب سے ہے، مجھے کراچی اچھا لگتا ہے، اس شہر کے لوگوں نے مجھے بہت پیار دیا، کراچی میری توقعات سے بڑھ کر اچھا ثابت ہوا، میں نے ڈراموں کے ساتھ ساتھ فلموں میں بھی کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ فلمز اور جیو فلمز کے اشتراک سے بننے والی اینتھالوجی فلم شیروز 2 اکتوبر سے سنیما گھروں کی زینت بنے گی، اس کے بعد میری 2 فلمیں اور بھی آئیں گی۔ کنزا ہاشمی کا کہنا ہے کہ ہمارے ڈرامے دُنیا بھر میں مقبول ہیں، مختلف ممالک میں ہمیں دیکھا جاتا ہے، دُنیا کو کوئی کونہ ایسا نہیں ہے، جہاں ہمارے فین موجود نہ ہو، ہماری خواہش ہے کہ فلم کے روپ میں بھی ہم پاکستانی سنیما کو دنیا بھر میں لے کر جائیں۔ اداکارہ نے کہا کہ میری نئی فلم شیروز میں آپ دیکھ سکیں گے کہ ایک آرٹسٹ کے کیا مسائل ہوتے ہیں

کیریئر میں زبان کبھی رکاوٹ نہیں بنی، رشمیکا مندانا

ممبئی (پی این پی) تیلگو اور ہندی فلموں کی معروف اداکارہ رشمیکا مندانا نے کہا کہ مختلف زبانوں میں فلمیں کرنا کبھی کوئی باقاعدہ منصوبہ نہیں تھا، بلکہ یہ سب کچھ خود بخود ہوتا چلا گیا۔ جنوبی بھارتی ریاست کرناٹک کے کوڈاگو ضلع سے تعلق رکھنے والی اداکارہ نے سنیما میں مختلف زبانوں کے ذریعے اپنے فطری اور غیر منصوبہ بند سفر پر روشنی ڈالی۔ واضح رہے کہ رشمیکا تیلگو، اور ہندی کے علاوہ کنڑا اور تامل فلموں میں بھی کام کر چکی ہیں۔ 30 سالہ رشمیکا نے کہا کہ میں ایک کوڈاوا ہوں اور کوڈاوا ٹک زبان بولتی ہوں، ہماری مادری زبان کی کوئی فلم انڈسٹری موجود نہیں ہے، اس لیے میرے کیریئر میں زبان کبھی رکاوٹ نہیں بنی۔ میں تمام زبانوں کو اپنی ہی زبان سمجھتی ہوں۔ انھوں نے کہا کہ میرے مداح جنہیں میں اپنا خاندان کہتی ہوں، سب سے پہلے یہ مشورہ دیتے تھے کہ آپ کو تیلگو فلم کیوں نہیں کرنی چاہیے؟ یہی معاملہ ہندی کے ساتھ بھی ہوا اور اسی طرح میرے فلمی سفر کا دائرہ وسیع ہوتا گیا۔

انیل کپور نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ بیٹیوں کو دیدیا

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ کے معروف اداکار انیل کپور نے اپنے کامیاب کیریئر کا سہرا اپنی بیٹیوں ریا اور سونم کپور کے سر سجا دیا۔ 69 سالہ اداکار نے حال ہی میں اپنے کیریئر اور خاندانی ذمے داریوں کے درمیان توازن قائم رکھنے سے متعلق گفتگو کی۔ انیل کپور نے دی انیل کپور شو میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیٹیاں والد کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ میں اپنے خاندان کے لیے کمانے کی خاطر کام کرتا ہوں، لیکن کوئی یہ نہیں سمجھتا کہ میرا خاندان میرے لیے کتنا اہم ہے۔ انیل کپور نے ماضی کا قصہ یاد کرتے ہوئے بتایا کہ جب میری بیٹی ریا کی پیدائش ہوئی تو میں اسپتال دیر سے پہنچا، میں نے سوچا کہ میں بہت دیر سے پہنچا اور اسے دیکھنے کا موقع گنوا دیا، میں ساری رات اس بات پر افسوس کرتا رہا۔ اداکار نے بتایا کہ جب میری بیٹی ریا پیدا ہوئی تو مجھے احساس ہوا کہ بیٹی کا ہونا ایک اضافی خوشی ہے اور چونکہ میری 2 بیٹیاں سونم اور ریا ہیں، اس لیے میرے لیے یہ دہری خوشی ہے۔ واضح رہے کہ انیل کپور کو 1983ء میں ریلیز ہونے والی فلم وہ سات دن سے اداکاری کے میدان میں اہم کامیابی ملی تھی۔ چار دہائیوں پر محیط اپنے شاندار اداکاری کے کیریئر میں بھرپور توانائیاں صرف کرنے والے انیل کپور ان دنوں کوئز شو کی میزبانی میں مصروف ہیں۔

حریم فاروق کا نیا لک سوشل میڈیا پر وائرل

لاہور (پی این پی) پاکستانی اداکارہ حریم فاروق کی نئی فلم 'مینگو جٹ' کی لانچ تقریب میں ان کا نیا لک سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ حریم فاروق نے اس تقریب میں شرکت کیلئے ایپل گرین رنگ کی مختصر سلک کُرتی کے ساتھ بیج اور سی گرین جامہ وار گھیر دار شلوار اور آرگنزا دوپٹہ پہنا تھا۔ تقریب کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں تو بعض صارفین نے لباس کی فٹنگ اور اسٹائلنگ کو تنقید کا نشانہ بنایا، جبکہ کچھ نے ان کے وزن پر بھی تبصرے کیے۔ دوسری جانب کئی صارفین نے اداکارہ کے حق میں آواز اٹھاتے ہوئے وزن پر تبصروں کو نامناسب قرار دیا اور کہا کہ گفتگو لباس اور اس کی فٹنگ تک محدود رہنی چاہیے۔ حریم فاروق ان دنوں 'مینگو جٹ' کی پروموشن میں مصروف ہیں، جس میں وہ فیصل قریشی کے مدِ مقابل نظر آئیں گی۔ فلم میں شمعون عباسی بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

عروج کے بعد زوال، کرینہ کی نئی فلم مداحوں کو متاثر نہ کرسکی

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور اور ملیالم اسٹار پرتھوی راج سوکومارن کی نئی فلم ''دائرہ'' ریلیز کے پہلے روز فلم بینوں کو متاثر نہ کرسکی۔ میگھنا گلزار کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم نے باکس آفس پر دھیمے آغاز کے ساتھ اپنے سنیما سفر کا آغاز کیا ہے۔ فلم کا موضوع دو پولیس افسران کے گرد گھومتا ہے جو ایک دردناک ریپ اور قتل کے کیس سے جڑے متنازع پولیس مقابلے کے بعد اخلاقی کشمکش کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس کرائم تھرلر نے اپنے پہلے دن اب تک بھارت میں تقریباً 85 لاکھ روپے کا بزنس کیا ہے۔ فلم کو دو زبانوں ہندی اور ملیالم میں ریلیز کیا گیا ہے۔ فلم کے ہندی ورژن نے سب سے زیادہ کمائی کی ہے، جہاں 85 لاکھ روپے کی کل بھارتی کمائی میں سے 82 لاکھ روپے ہندی ورژن سے آئے ہیں۔ جبکہ ملیالم ورژن کی کمائی محض 3 لاکھ روپے کی معمولی رقم رہی۔ حالیہ برسوں میں کرینہ کپور خان کی پہلے دن کی سب سے کم کمائی ہنسل مہتا کی 2024 کی فلم دی بکنگھم مرڈرز کی تھی، جس نے بھارت میں اپنے پہلے دن 15.1 کروڑ روپے کا بزنس کیا تھا۔

شہر نامہ SHEHAR NAMA
کلاسیفائیڈ

مشتہرین حضرات متوجہ ہوں
☆ کلاسیفائیڈ اشتہار فی سطر 150 روپے کم از کم تین سطریں ہونی چاہیں
☆ تمام اشتہار نیک نیتی کے تحت شائع کئے جاتے ہیں
☆ اشتہارات کی بکنگ ہر روز کی جاتی ہے
☆ ادارہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا اس کے تحت مالی و دیگر معاملات کا ذمہ دار نہیں ہوگا

رابطہ
فون: 051-224909
موبائل: 0333-5196088
Email:sheharnama@gmail.com

کلاسیفائیڈ اشتہار

اعلان گمشدگی!

میں ملک ارشد محمود ولد فرزند علی ساکن ڈاکخانہ خاص چک بیلی خان بائی تحصیل و ضلع راولپنڈی کا رہائزی ہوں اور حلفا بیان کرتا ہوں کہ میرے پلاٹ نمبر 660 برقبہ 98.4 مرلہ بلاک D واقع PGSHF اڈیالہ روڈ راولپنڈی۔ کا آصل ٹرانسفر لیٹر گم ہوگیا ھے جس کسی کو ملے اطلاع کریں
ملک ارشد محمود ولد فرزند علی ساکن ڈاکخانہ خاص چک بیلی خان بائی تحصیل و ضلع راولپنڈی

ضرورت ہے

کلفٹن بلاک 4 میں واقع بلڈنگ کیلئے مندرجہ ذیل اسٹاف درکار ھے کلینگ سپروائزر، سوئمنگ پول ٹرینر، لفٹ آپریٹر، الیکٹریشن رابطہ کریں۔
0300-3353555

اعلان

جوڑوں کا درد پہلی۔ خوراک پہلی خوراک میں ھی کنٹرول، اعصابی کمزوری، پھٹوں کا کھچاو، کمر درد، مہروں کا درد مستقل علاج کیلئے رابطہ حکیم۔ صاحب 0300-7536416

فوری ضرورت

کمپنی کو سول اور دیگر اداروں سے ریٹائرڈ حضرات کی ضرورت ھے کھانہ، رہائش بازمہ کمپنی ڈیوٹی 8 گھنٹے رابطہ کریں
0308-4966486

اعلان گمشدگی

میرے اصل کاغذات اور میری اصل دستاویزات جن میں شناختی کارڈ 4230117714567 یو بی ایل بینک کا کارڈ ڈرائیونگ لائسنس، ISL-00130915 موٹر سائیکل کاغذات APF 2026 انجن نمبر SAE745944 چیسز نمبر SAC752241 میکر یونین سٹار 70 سی سی، 26/8/22 کو راولپنڈی کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن میں دوران سفر کہیں گم ہو ہیں جس کسی کو ملیں درج۔ پتہ پر ارسال کریں
محمد ارشاد ولد محمد محبوب سکنہ ڈاخانہ خاص گھوڑا گلی تحصیل مری ضلع راولپنڈی

اشتہار برائے پیشی

ہر گاہ مسمی صنور تسلیم ولد محمد تسلیم ساکن کرپا روڈ کوہسار ٹاون اسلام آباد
آپکو مطلع کیا جاتا ھے کہ آپ کی بیوی صاحبت عروج دختر راجہ عقیل احمد ساکن عرفان آباد ترامڑی اسلام آباد نے یونین کونسل ھذا میں ڈگری تنسیخ نکاح/خلع/حصول پ طلاق موثر کیلئے درخواست دی ھے جس پر آپکو نوٹس ارسال کئے گئے لیکن آپ حاضر نہ ہوئے۔ لہذا آخری بار آپکو بزریعہ اشتہار ھذا آگاہ کیا جاتا ھے کہ مورخہ 26/09/17 کو دفتر ھذا میں حاضر ہوکر اپنا بیان۔ قلمبند کروائیں بصورت دیگر فریق اول مسمات صاحبت عروج کو طلاق موثر سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
چیئرمین
یونین کونسل نمبر 19، ترلائی
اسلام آباد

تبدیلی نام

میں مسمی رفاقت ممتاز ولد محمد ممتاز خان ساکن نزد مدینہ ٹاون نیو آبادی ڈاکخانہ خاص ترلائی کلاں تحصیل و ضلع اسلام آباد
میں نے اپنے بیٹے کا نام محمد موسی سے تبدیل کر کے محمد مصطفی رکھ لیا ھے لہذا اج کا بعد میرے بیٹے کو نئے نام محمد مصطفی ※ سے لکھا اور پکارا جائے اور ضروری کاغزات میں درستگی کی جائے
رفاقت ممتاز ولد محمد ممتاز خان ساکن نزد مدینہ ٹاون نیو آبادی ڈاکخانہ خاص ترلائی کلاں اسلام آباد

بیان حلفی برائے نام اندراج

میں مسمی نثار احمد ولد لعل خان ساکن محلہ منظور آباد تحصیل و ضلع اسلام آباد
حلفا" بیان کرتا ہوں اور اقراری ہوں کہ من محلف کی تاریخ پیدائش 1968/06/06 ھے اور اب تک کسی یونین کونسل میں درج نہ ھے یہ کہ من محلف کو اپنا نام یونین کونسل ترلائی کلاں اسلام۔ آباد میں درج کروانا مقصود ھے
من محلف کو نام کے اندراج کے بعد برتھ سرٹیفکیٹ درکار ھے
مندرجہ بالا بیان میرے علم و یقین کے مطابق درست ھے اور کوئی بات پوشیدہ نہ رکھی گئی
نثار احمد ولد لعل خان ساکن محلہ منظور آباد ترلائی کلاں تحصیل و ضلع اسلام آباد

بقیہ نمبر 1

کی پائپ لائنز کا راستہ نہیں رہی بلکہ دفاعی اور ٹیکنالوجی کی نئی دوڑ کا میدان بنتی جا رہی ہے۔ سی این بی سی کی رپورٹ کے مطابق سمندر کے اندر موجود اہم بنیادی ڈھانچے کو ممکنہ تخریب کاری اور دیگر خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے حکومتیں اور دفاعی کمپنیاں نئی ٹیکنالوجیز پر سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔ سی این بی سی کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 2026 کے آغاز تک تقریباً 15 لاکھ کلومیٹر طویل زیر سمندر مواصلاتی کیبلز موجود ہیں، جبکہ تیل و گیس کی پائپ لائنز اور بجلی کی کیبلز بھی عالمی معیشت کے لیے انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ روس کے یوکرین پر حملے کے بعد 2022 میں نورڈ اسٹریم گیس پائپ لائنز کو پہنچنے والے نقصان نے زیر سمندر انفرااسٹرکچر کے تحفظ کی اہمیت مزید اجاگر کی۔ Elsa Ohlen نے اپنی رپورٹ میں چیتھم ہاؤس کی سینئر ریسرچ فیلو کاتجا بیگو کے حوالے سے بتایا کہ بدلتے ہوئے خطرات نے سمندر کی تہہ کی نگرانی کو اہم بنا دیا ہے۔ مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور خودکار ٹیکنالوجی میں پیش رفت کے باعث اب زیر آب نگرانی کے نئے طریقے سامنے آ رہے ہیں۔ دفاعی کمپنیاں بھی اس ابھرتی ہوئی مارکیٹ میں داخل ہو رہی ہیں۔ اطالوی کمپنی Fincantieri نے زیر آب ڈرونز، سمندری نگرانی اور مواصلاتی نظام کی صلاحیتیں بڑھانے کے لیے تقریباً 60 کروڑ یورو کی سرمایہ کاری کے منصوبے بنائے ہیں جبکہ فرانس کی Thales سمیت دیگر دفاعی کمپنیاں بھی سونار، اینٹی سب میرین وارفیئر اور خودکار زیر آب نظاموں پر کام کر رہی ہیں۔ جرمنی کی دفاعی ٹیکنالوجی کمپنی Euroatlas نے 'GrayShark' نامی خودکار زیر آب گاڑی تیار کی ہے جو انسانی نگرانی کے بغیر مخصوص علاقے میں جا کر نگرانی اور مشتبہ اشیا کی نشاندہی کر سکتی ہے۔ کمپنی نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ مستقبل میں ایسی گاڑیوں کے بیڑے سمندر کی تہہ میں اہم تنصیبات کی مسلسل نگرانی کر سکتے ہیں۔ تاہم ماہرین کے مطابق پورے سمندر کے بنیادی ڈھانچے کی حفاظت اب بھی ایک بڑا چیلنج ہے۔ سمندر کی گہرائی میں محدود نظر، مشکل مواصلاتی نظام اور خودکار گاڑیوں کی محدود رینج ٹیکنالوجی کے لیے اہم رکاوٹیں ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ زیر آب ڈرونز خطرات کی نگرانی اور روک تھام میں مدد دے سکتے ہیں، لیکن انہیں سمندر کی تہہ کے تمام خطرات کا مکمل حل قرار نہیں دیا جاسکتا۔

بقیہ نمبر 2

نے بتایا کہ بھارتی فورسز کی جانب سے چھ افراد کی گرفتاری کے خلاف ضلع کانگ پوکپی میں کوکی برادری کے لوگوں نے شدید احتجاجی مظاہرے کئے۔ احتجاجی مظاہرے ہفتے کی رات 10 بجے سے آدھی رات تک موٹبنگ اور آس پاس کے علاقوں میں جاری رہے، اس دوران مظاہرین نے سڑکوں پر ٹائر جلائے اور سرکاری گاڑیوں پر پتھراؤ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ کھولین (Kholen) کے چھ افراد کو بھارتی فورسز نے بغیر کسی وجہ کے گرفتار کر لیا۔ کھولین ضلع میں ناگا اکثریتی گاؤں چاونگ کیننگ کے قریب واقع ہے جو حال ہی میں مسلح افراد کے حملے کی زد میں آیا تھا۔ حکام نے بتایا کہ مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے بھارتی فورسز نے آنسو گیس کے گولے داغے۔ مظاہرین نے بھارتی فورسز کی گاڑیوں کی نقل و حرکت روکنے کے لیے بھاری تعمیراتی مشینری کا استعمال کرتے ہوئے موٹبنگ کے مقام پر نیشنل ہائی وے (امپھال تا دیماپور) کے کچھ حصوں کو کھود دیا۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی فورسز کی گولہ باری سے کچھ مظاہرین زخمی ہوئے جنہیں مقامی ہسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ ایک اعلیٰ سرکاری عہدیدار نے بتایا کہ بعد ازاں بھارتی فورسز نے گرفتار کئے گئے دیہی رضا کاروں کو رہا کر دیا جس کے بعد مظاہرے ختم ہو گئے

بقیہ نمبر 3

سیکرٹری جنرل عبدالغفور حیدری، جمعیت علماء پاکستان کے صاحبزادہ شاہ اویس نورانی، سیکرٹری جنرل پاک سعودی یکجہتی کونسل مولانا فضل الرحمان خلیل، صدر جماعت اہل سنت مولانا اورنگ زیب فاروقی، کشمیر اسمبلی کے ممبر پیر مظہر سعید شاہ، نائب امیر یکجہتی کونسل مولانا علی محمد ابوتراب، پروفیسر سجاد قمر، مولانا عتیق الرحمان شاہ کاشمیری، جمعیت علماء اسلام س کے امیر مولانا عبدالحق، پیر چراغ الدین شاہ، قاری محبوب الرحمان نے خطاب کیا۔ کانفرنس میں مولانا طیب الرحمان شاہ، مولانا عطاء دیشائی، مولانا منظور، جمیل الرحمان فاروقی، مولانا عبدالرحمن معاویہ، مولانا عبدالکریم، مولانا ہارون الرشید سمیت مذہبی سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ کل جماعتی تحفظ حرمین شریفین کانفرنس نے پوری قوم کو پیغام دیا ہے کہ حرمین شریفین پر حملہ پر ہم خاموش نہیں رہیں گے۔ آئی ایس پی آر کا بیان پوری قوم کی ترجمانی ہے۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاک سعودی یکجہتی کونسل عوام اور تمام سیاسی جماعتوں کی ترجمانی کر رہی ہے۔ حرمین شریفین کا تحفظ ہم سب کے ایمان کا حصہ ہے۔ دنیا میں جہاں بھی مسلمانوں پر حملہ ہوا، پاکستان نے اس کی مذمت کی۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف نے واضح پیغام دے دیا ہے ہم سعودی عرب کے شانہ بشانہ ہیں۔ اور کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ سعودی عرب ہماری سرخ لائن ہے۔ اور ہم کسی کو یہ پار کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ سرپرست پاک سعودی یکجہتی کونسل اور امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم نے کہا کہ پاک سعودی یکجہتی کونسل کی کانفرنس میں تمام جماعتیں یک زبان ہیں۔ یہ کانفرنس حوثی باغیوں کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ پاکستان کے عوام اور علماء حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ کچھ عرصہ قبل ایران پر حملہ ہوا تو ہم سب نے مذمت کی۔ آج حرمین شریفین پر حملہ ہوا تو یہاں کے حوثی خاموش ہیں۔ ہم متفقہ طور پر اعلان کرتے ہیں کہ ہم سب سعودی عرب کے ساتھ ہیں۔ مکہ اور مدینہ ہمیں اپنی جانوں سے عزیز ہے۔ پاکستان فورسز کے ساتھ ساتھ پاکستان کے عوام بھی سعودی عرب جا کر لڑنے کے لیے تیار ہیں۔ یہود و ہنود اپنی پراکسیوں کے ذریعے ارض مقدس کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہم ان کی ہر کوشش ناکام بنا دیں گے۔ کشمیر اسمبلی کے ممبر پیر مظہر سعید شاہ نے کہا کہ ہم سعودی عرب کے ساتھ ہیں حوثی فوری طور پر اپنے حملے بند کریں۔ آبنائے ہرمز، باب مندب اور تمام بحری راستے سب کے لیے کھولے جائیں۔ کشمیر کا بچہ بچہ سعودی عرب پر کٹ مرنے کے لیے تیار ہے۔ شاہ اویس نورانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ممکن نہیں کہ ارض مقدس پر حملہ ہو اور ہم خاموش رہیں۔ کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ یہ سعودی عرب کی حکومت کا مسئلہ ہے۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہم حرمین شریفین کے بھی ساتھ ہیں اور سعودی عرب کی حکومت کے بھی ساتھ ہیں۔ مولانا فضل الرحمان خلیل نے کہا کہ پاک سعودی عرب دفاعی معاہدہ تاریخی معاہدہ ہے اور ہم اس معاہدے کی حفاظت اپنی جان دے کر کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ دس بیس ہزار نہیں بلکہ پاکستان کے پوری عوام سعودی عرب اور حرمین پر کٹ مرنے کے لیے تیار ہیں۔ مولانا اورنگ فاروقی نے کہا کہ حرمین شریفین پر جو حملے ہو رہے ہیں ان کے پیچھے کون ہے اب یہ ڈھکا چھپا نہیں ہے پہلے امریکہ نے مسلمانوں ملکوں کو آپس میں لڑانے کی کوشش کی۔ سعودی عرب نے تحمل کیا۔ اب حوثیوں کے ذریعے حملہ کیا گیا۔ ہم حملہ آوروں کی پشت پناہی کرنے والوں کو متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ وہ باز آجائیں۔ مولانا عبدالحق ثانی نے کہا کہ حرمین شریفین کی طرف اٹھنے والی ہر آنکھ کو نکال دیں گے۔ مولانا علی محمد ابوتراب نے کہا کہ ہم سعودی عرب کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔ شاہ سلمان بن عبدالعزیز، محمد بن سلمان اور سعودی حکومت کی پشت پر ہیں۔ پاک سعودی یکجہتی کونسل کے رہنماء پروفیسر سجاد قمر نے کہا کہ پاکستان کے عوام، حکومت، اور ریاست سعودی عرب کے ساتھ ہیں۔ سعودی عرب پر ہلکی سی آنچ بھی نہیں آنے دیں گے۔ پاکستان کے نوجوان سعودی افواج کے شانہ بشانہ لڑنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ نمبر 4

لیلئے مختلف شہروں سے کارکنان ٹرین کے ذریعے اسلام آباد پہنچے گے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف نے بھی 27 ستمبر کو اسلام آباد میں احتجاج کی کال دی ہوئی ہے۔ وفاقی ہسپتال پمز میں ہائی الرٹ نافذ کرتے ہوئے ضروری طبی و معاون عملے کی 24 گھنٹے دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کردی گئی۔ سرکلر کے مطابق پمز ہسپتال میں ہائی الرٹ 30 ستمبر 2026 تک برقرار رہے گا، جبکہ میڈیکل اور نان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ ہائی الرٹ کے دوران ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ تمام افسران اور عملے کو ہنگامی صورتحال میں فوری دستیابی اور بروقت ردعمل کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ سرکلر میں پمز ہسپتال کی ایمرجنسی، آئی سی یو، آپریشن تھیٹر، ٹراما، نرسنگ اور ڈائیگناسٹک سروسز کو مکمل فعال رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ بلڈ بینک اور فارمیسی سروسز بھی مکمل فعال رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ہائی الرٹ کے دوران پمز میں ایمبولینسز کی 24 گھنٹے دستیابی یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔ ایمرجنسی اور ایمبولینس کے لیے راستے ہر وقت کلیئر رکھنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈائریکٹر ایمرجنسی پمز ہسپتال ڈاکٹر شرجیل ظہیر کو ہنگامی صورتحال کے لیے فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے۔ سرکلر کے مطابق بڑے پیانے پر مریضوں کی آمد کی صورت میں اضافی بیڈز، اسٹریچرز اور وہیل چیئرز کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ آکسیجن، خون، ادویات، ضروری طبی آلات اور دیگر سامان کا وافر اسٹاک رکھنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ ایمرجنسی، مرکزی داخلی راستوں اور حساس مقامات پر سیکیورٹی سخت رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ہائی الرٹ کے دوران طبی رخصت کے سوا عملے کی تمام چھٹیاں محدود کردی گئی ہیں، جبکہ ڈیوٹی روسٹرز اپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیورو سرجری، آرتھوپیڈک، جنرل سرجری اور اورل اینڈ میکسیلو فیشل سرجری کے زیادہ سے زیادہ عملے کو آن کال رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پمز ہسپتال کے ایس ڈبلیو فور میں 20 مخصوص بیڈز دستیاب رکھنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 5

کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اے سید علی ناصر رضوی اور اسلام آباد پولیس کے سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت کی موجودہ صورتحال، سیکیورٹی، امن و امان اور پولیس کی آپریشنل تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں شہر کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی انتظامات، اہم مقامات اور حساس تنصیبات کی حفاظت سمیت کسی بھی ممکنہ صورتحال سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے پولیس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے سیکیورٹی انتظامات کی موثر نگرانی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اجلاس میں آن لائن ہراسمنٹ، غیر قانونی آن لائن سرگرمیوں اور ریاست مخالف پروپیگنڈے کے خلاف اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے ایسی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی اور سائبر پٹرولنگ کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سوشل میڈیا اور انٹرنیٹ پر جرائم کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی آمد و رفت میں سہولت فراہم کرنے کے اقدامات بھی زیر غور آئے۔ آئی جی اسلام آباد نے سیکیورٹی اور ٹریفک انتظامات میں متعلقہ یونٹس کے درمیان موثر رابطہ و کوآرڈینیشن یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت "ریسکیو 15" میں زونل پولیس افسران کے ساتھ بھی اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف علاقوں میں پولیسنگ، سیکیورٹی صورتحال اور امن و امان سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا، جبکہ زونل افسران نے اپنے متعلقہ علاقوں میں پولیسنگ اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 6

گجرات کے علاقہ ڈنگہ سے پیٹرول لیوی کے خلاف پیدل مارچ کا استقبال کرتے ہوئے کیا۔ پیدل مارچ کی قیادت حافظ ڈاکٹر محمد ادریس کر رہے تھے۔ جمعرات سے شروع ہونے والا یہ مارچ آج ہفتہ کے دن شام لیاقت باغ میں جاری دھرنے میں شامل ہو گا۔ حافظ ڈاکٹر ادریس نے کہا کہ گجرات سے شروع ہونے والے مارچ کے ذریعے ہر شہر میں استقبال کے موقع پر عوام الناس کو جماعت اسلامی کی جدوجہد سے آگاہ کیا۔ گویا یہ ایک آگاہی مارچ بن گیا۔ حافظ نعیم الرحمان قوم کی امید کی کرن ثابت ہوئے ہیں۔ عوام کو حافظ نعیم الرحمن کی شکل میں حقیقی قائد، مسیحا میسر آگیا ہے۔ اور اس ملک کے وسائل کو لوٹنے والی اشرافیہ کے لیے خطرے کی گھنٹی بج گئی ہے۔ ہم نے پینتیس دن سے ملک بھر میں بیالیس مقامات پر دھرنے دیئے جو پرامن بھی رہے اور معمولات زندگی میں کوئی خلل نہ آنے دیا گیا جو جماعت اسلامی کے نظم و ضبط کی روشن مثال ہے۔ اب ہم اپنا حق لینے اسلام آباد جائیں گے۔ اس موقع پر جماعت اسلامی کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ سول سوسائٹی اور صحافی حضرات بھی موجود تھے جنہوں نے پیدل مارچ کے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 7

زندگیوں کو خطرے میں ڈالا، دوران تفتیش اپنے فعل کا اعتراف بھی کیا۔ کینٹربری کراؤن کورٹ کے پراسیکیوٹرز نے دوران سماعت موقف اپنایا کہ ملزم نے کشتی پر بہت بڑی تعداد میں غیر قانونی چینل کراسنگ کی کوشش میں لوگوں کیلئے خطرات پیدا کیے۔ عدالت نے سزا سناتے ہوئے متنبہ کیا ہے کہ اتاک غیر ملکی شہری ہونے کے ناطے اپنی سزا مکمل کرنے کے بعد خودکار نظام کے تحت ملک بدری کا اہل ہوگا

بقیہ نمبر 8

بازار میں گشت کرتی نظر آتی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گاڑی میں ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں کے حوالے سے صورتحال واضح نہیں تھی، جس پر مختلف سوالات اٹھ رہے ہیں۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کہوٹہ بازار میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز اور مستقل کارروائی کی جائے، سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو واگزار کرایا جائے اور سرکاری گاڑیوں کے استعمال کے حوالے سے بھی ضابطے کے مطابق جائزہ لیا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازار میں تجاوزات کے خاتمے کی ذمہ داری متعلقہ اداروں کی ہے، اس لیے عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں

بقیہ نمبر 9

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے بتایا کہ میرا لخت جگر داؤد شکیل ولد آصف شکیل جو کہ نویں کلاس کا سٹوڈنٹ ھے۔ گھر سے گیا لیکن واپس نہیں آیا۔ جسے معلوم ہو درج ذیل پتہ پر اطلاع فرمائیں۔ منور کالونی سٹریٹ نمبر 16 اڈیالہ روڈ راولپنڈی فون نمبر۔ 03345583570
03015583570

بقیہ نمبر 10

بھارتی عدلیہ پر عدم اعتماد کرتے ہوئے اپنے خلاف قتل کا مقدمہ نہ لڑنے کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلے میں 3 ستمبر کو عدالت میں یاسین ملک کا بیان حلفی بھی جمع کرا دیا گیا ہے۔ 1990 میں کشمیری پنڈت نرس سارلا بھٹ کے قتل سے متعلق کیس میں ایک اہم قانونی پیش رفت گزشتہ روز سامنے آئی جب سری نگر میں اضافی سیشن جج (ٹاڈا رپوٹا) کی عدالت میں محمد یاسین ملک کی طرف سے پیش ہونے والے وکیل ایڈووکیٹ ابو عادل پنڈت نے ایک درخواست دائر کی ہے، جس میں انہوں نے اس مخصوص کارروائی میں اپنا وکالت نامہ (پاور آف اٹارنی) واپس لینے اور نمائندگی ختم کرنے کی اجازت مانگی ہے۔ درخواست میں یاسین ملک کے اس تحریری موقف پر خاص زور دیا گیا ہے جو وہ پہلے ہی عدالت میں جمع کرا چکے ہیں۔ وکیل کے مطابق، یاسین ملک نے غور و فکر کے بعد مقدمے کی مزید کارروائی سے متعلق اپنا ذاتی فیصلہ پہنچایا ہے۔ یاسین ملک کی 25 صفحات پر مشتمل تحریری معروضات کے مطابق انہوں نے مقدمے کی مزید کارروائی کا دفاع نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم انہوں نے صراحت کے ساتھ یہ واضح کیا ہے کہ ان کے اس فیصلے کو جرم کا اعتراف یا الزامات کی قبولیت نہ سمجھا جائے۔ وکالت نامہ واپس لینے کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ یاسین ملک کی نئی ہدایات کے بعد وکیل کے لیے اس مخصوص کیس میں ان کی نمائندگی جاری رکھنا ممکن نہیں رہا۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ وکیل کو سری نگر کیس میں یاسین ملک کی نمائندگی سے دستبردار ہونے کی اجازت دی جائے۔ اس کے ساتھ ہی عدالت سے یہ ریکارڈ پر لانے کی درخواست بھی کی گئی ہے کہ اس دستبرداری کو کسی بھی الزام، حقیقت، جرم یا قانونی ذمہ داری کا اعتراف نہ تصور کیا جائے۔ اس درخواست کی ایک اہم بات اس کا محدود دائرہ کار ہے۔ یہ درخواست صرف سری نگر کی عدالت کے سامنے زیر التوا اس مخصوص کارروائی تک محدود ہے اور اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ وکیل نے یاسین ملک کے تمام دیگر مقدمات سے دستبرداری اختیار کر لی ہے۔ 19 ستمبر کی یہ سماعت اس لیے اہم تھی کیونکہ یاسین ملک کی 25 صفحات پر مشتمل تحریری معروضات عدالت کے سامنے رکھی جا چکی تھیں اور کیس کی اگلی سماعت طے تھی۔ آج کی درخواست نے ایک اہم قانونی موڑ فراہم کیا ہے، جہاں عدالت کو اب نا صرف مقدمے کی کارروائی بلکہ وکیل کی جانب سے نمائندگی ختم کرنے کی درخواست پر بھی فیصلہ کرنا ہوگا۔ درخواست میں مزید وضاحت کی گئی ہے کہ وکالت نامہ واپس لینے کا یہ اقدام صرف سری نگر کی عدالت میں زیر التوا اس مخصوص کارروائی تک محدود ہے اور اس کا مطلب یاسین ملک کے تمام دیگر مقدمات سے دستبرداری نہیں۔ 19 ستمبر کی سماعت کے بعد اب عدالت کو مقدمے کی اصل کارروائی کے ساتھ ساتھ وکیل کی نمائندگی ختم کرنے کی درخواست پر بھی حکم جاری کرنا ہوگا، جس پر آئندہ کے قانونی اقدامات کا انحصار ہوگا۔ واضح رہے کہ تہاڑ جیل میں عمر قید کاٹنے والے یاسین ملک کو جیل سے باہر کسی بھی عدالت میں پیشی پر بھارتی حکومت نے پابندی عائد کر رکھی ہے۔

بقیہ نمبر 11

کے مطابق ملزم زیشان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا، جبکہ فائرنگ کرنے والے ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق پانچ روز قبل ملزم زیشان نے اپنے تین کم سن بچوں کو نہر میں پھینک دیا تھا۔

بقیہ نمبر 12

ھر کے تعلیمی ادارے کھل چکے ہیں مطالبات منوانے کے لیے صرف راولاکوٹ کی قربانی قابل قبول نہیں میرپور پلندری مظفرآباد باغ کے جو افراد راولاکوٹ میں تقریریں کرتے ہیں وہ اپنے علاقوں کی بھی خبر لیں بہتر ہے کہ آپ احتجاج بھی جاری رکھیں اور تعلیمی اداروں کو بھی کھلنے دیں تعلیمی اداروں کی مسلسل اور طویل بندش علم دشمنی کے مترادف ہوگا تعلیمی اداروں کی ساتھ ٹرانسپورٹ اور بازاروں کی بندش بھی ختم کی جائے عوام کو ریلیف دیں مزید سزا نہ دیں حکومت راولاکوٹ اور دیگر علاقوں میں موبائل اور نیٹ سروس فوری بحال کرے انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہٹ دھرمی ضد اور انا کی وجہ سے راولاکوٹ پچاس سال پیچھے چلا گیا ہے جس کا ازالہ نہ ممکن ہے اب بھی وقت ہے فریقین لچک دکھائیں اور حل نکالیں دھرنے کے شرکا پر کسی بھی طرح طاقت کے استعمال سے گریز کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت آزاد کشمیر مکمل بے اختیار معلوم ہوتی ہے انہوں نے متوقع نئے صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر نجیب نقی سے مطالبہ کیا کہ وہ صدارت کا منصب سنبھالنے کے بعد پہلا کام احتجاج کے خاتمے کے لیے کردار ادا کریں کیونکہ یہ ان کے گھر کا مسئلہ ہے جو ان کے لیے ایک چیلنج ہے

بقیہ نمبر 13

افراد کو موقع پر طبی امداد فراہم کی جبکہ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردیں۔ قصبہ بصیرہ میں آئس فیکٹری سے امونیا گیس لیک ہوئی، جس کے بعد گیس ہوا میں شامل ہونے سے متعدد افراد کی حالت متاثر ہوئی۔ ریسکیو کے مطابق اطلاع ملتے ہی 5 ایمبولینسز اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں اور متاثرہ افراد کو طبی امداد فراہم کی۔ پولیس نے گیس لیکج کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ نمبر 14

مفرور افراد کے بارے میں معلومات جاری کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے پاکستان میں قائم ایک کال سینٹر کے ذریعے میڈیکیئر شناختی نمبرز حاصل کیے اور تقریباً 703 ملین امریکی ڈالر کے جعلی دعوے میڈیکیئر پروگرام میں جمع کرائے۔ HHS-OIG نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں عوام سے ان چار مفرور افراد کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔ امریکی ادارے کے مطابق ملزمان نے مبینہ طور پر پاکستان میں موجود ایک کال سینٹر کو استعمال کرتے ہوئے میڈیکیئر سے متعلق شناختی معلومات چوری کیں اور ان معلومات کی مدد سے بڑی تعداد میں جعلی دعوے داخل کیے۔ امریکی دفتر برائے انسپکٹر جنرل کے مطابق چاروں افراد اس وقت مفرور ہیں اور امکان ہے کہ وہ پاکستان یا متحدہ عرب امارات میں موجود ہوں۔ ادارے نے عوام پر زور دیا ہے کہ اگر کسی شخص کے پاس ان مطلوب افراد کے بارے میں معلومات ہوں تو وہ فوری طور پر HHS-OIG سے رابطہ کرے۔ HHS-OIG نے اپنی اپیل میں کہا ہے کہ اس معاملے میں ہر اطلاع اہمیت رکھتی ہے اور فراہم کردہ معلومات ملزمان تک پہنچنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔ امریکی ادارے نے معلومات فراہم کرنے کے لیے اپنا ٹول فری نمبر 1-888-476-4453 بھی جاری کیا ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق یہ مبینہ فراڈ امریکی حکومت کے صحت عامہ کے پروگرام میڈیکیئر کو نشانہ بنا کر کیا گیا۔ ملزمان پر الزام ہے کہ انہوں نے میڈیکیئر آئی ڈیز حاصل کرکے ان کے ذریعے ایسے دعوے جمع کرائے جو مبینہ طور پر جعلی تھے، جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 703 ملین ڈالر کے دعوے سامنے آئے۔ امریکی ادارے کی جانب سے چار افراد کو مفرور (fugitives) اور مبینہ ملزمان قرار دیا گیا ہے، اس لیے ان کے خلاف الزامات کو حتمی عدالتی جرم قرار نہیں دیا جاسکتا جب تک عدالت میں جرم ثابت نہ ہو جائے۔ HHS-OIG امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کا نگران ادارہ ہے جو بالخصوص میڈیکیئر اور میڈیکیڈ سمیت صحت سے متعلق وفاقی پروگراموں میں فراڈ، ضیاع اور بدعنوانی کی تحقیقات کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 15

فروغ، خوبصورتی اور سبزہ زاروں کی بحالی کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے شہر بھر میں شجرکاری مہم، پارکس کی تزئین و آرائش اور سیاحوں کے لیے فراہم کی جانے والی سہولیات پر اب تک ہونے پیشرفت سے آگاہ کیا۔ کمشنر راولپنڈی سلیمان غنی نے کام جاری منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام اقدامات کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملکہ کوہسار مری کی قدرتی خوبصورتی کو نکھارنے اور سیاحوں کو بہترین ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 16

استحکام پاکستان پارٹی کے سیکرٹری جنرل سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کو بھجوا دیا اپنے انتہائی مختصر استعفیٰ میں انہوں نے پارٹی سے مستعفی ہونے کی وجہ شاہد خاقان عباسی کی سیاسی جماعت چلانے کے حوالے سے غیر سنجیدہ رویہ اور پارٹی ممبران کے ساتھ رابطہ نا رکھنا بتایا اُن کا کہنا تھا شاہد خاقان عباسی کا رویہ غیر سنجیدہ، غیر ذمہ دارانہ اور کسی حد تک ہتک آمیز تھا اس لیے اب وہ مزید جماعت کی طرف سے دیے گئے عہدوں پر کام جاری نہیں رکھ سکتے مزید براں انہوں نے بنیادی رکنیت سے بھی مستعفی ہونے کا اعلان کیا ہے۔ یاد رہے حال ہی میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے شاہد خاقان عباسی کی جماعت عوام پاکستان کو ڈی لسٹ کرتے ہوئے جو وجہ درج کی تھی اُس میں اسکا ایک بہت اہم جملہ تھا "کہ پاکستان کی تاریخ میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سامنے کبھی سیاسی جماعت کی اتنا غیر سنجیدہ قیادت نہیں آئی جتنی غیر سنجیدہ قیادت عوام پاکستان پارٹی کو اُسکے صدر یعنی شاہد خاقان عباسی کے صورت میں ملی ہے۔" الیکشن کمیشن کے بعد سرفراز افضل کا پارٹی سے مستعفی ہونے پر شاہد خاقان عباسی کی قیادت کو غیر سنجیدہ قرار دینا عوام پاکستان پارٹی اور خود شاہد خاقان عباسی کے سیاسی مستقبل پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ نمبر 17

آپریشن سینٹر کے فوکل پرسن ڈاکٹر احمد علی شیخ، روٹری ڈسٹرکٹ 3271 کے ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر اور ڈسٹرکٹ گورنر الیکٹ فہد سکندر نے ستمبر کے خصوصی انسداد پولیو حفاظتی دنوں کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب میں روٹری کلب آف کراچی کے صدر ہمایوں قریشی اور متعدد روٹیرینز نے بھی شرکت کی۔ خصوصی انسداد پولیو حفاظتی دنوں کی مہم 21 سے 27 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی، جس کے دوران ملک کے 115 ہائی رسک اضلاع میں 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم بلوچستان، گلگت بلتستان، اسلام آباد، خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ کے مختلف علاقوں میں چلائی جائے گی اور پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو اس کا ہدف بنایا جائے گا۔ رواں سال کے آغاز سے اب تک ملک بھر میں بڑے پیمانے پر انسداد پولیو کی تین مہمات کامیابی سے مکمل کی جا چکی ہیں، جن کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین پلائی گئی۔ بعض ہائی رسک علاقوں میں بچوں کی قوت مدافعت مزید مستحکم کرنے کے لیے منہ کے ذریعے دی جانے والی پولیو ویکسین (OPV) کے ساتھ فریکشنل انجیکٹ ایبل پولیو ویکسین (انجیکشن کے ذریعے دی جانے والی پولیو ویکسین کی جزوی خوراک) بھی دی گئی، بالخصوص کمزور اور غذائی قلت کا شکار بچوں کو، جو پولیو وائرس کا جلد شکار ہوسکتے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عزیز میمن نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے افراد کا اہم کردار ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں کو تجویز کردہ تمام ویکسینز، بشمول معمول کی حفاظتی ویکسینیشن، مقررہ شیڈول کے مطابق دی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ روٹیرینز انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کو سہولت فراہم کرتے ہیں اور اپنے اضلاع میں قومی اور خصوصی انسداد پولیو دنوں (NIDs/SNIDs) کی نگرانی میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ مقامی کمیونٹی رہنماؤں سے رابطے میں رہتے ہوئے پولیو ویکسینیشن کے فروغ اور ویکسین سے متعلق غلط معلومات اور بے بنیاد خدشات کے تدارک کے لیے بھی موثر کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

کی تعیناتی کے بعد جی تیرہ اور گردونواح میں پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں اور گشت کے نظام میں بہتری دیکھنے میں آئی ہے، جس کے باعث علاقے میں امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس کی بروقت کارروائیوں اور موثر نگرانی کے باعث شہریوں اور تاجروں میں تحفظ کا احساس پیدا ہوا ہے۔ ریاض خان، وسیم ڈار اور فیاض عباسی سمیت دیگر نمائندگان نے کہا کہ جی تیرہ ایک اہم رہائشی اور تجارتی علاقہ ہے جہاں بڑی تعداد میں شہری اور تاجر روزمرہ امور انجام دیتے ہیں، اس لیے یہاں امن و امان کا قیام انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں شہریوں کو مختلف نوعیت کے جرائم اور امن و امان کے مسائل کا سامنا رہتا تھا تاہم موجودہ ایس ایچ او میاں خرم رسول کی تعیناتی کے بعد پولیس کی موجودگی اور نگرانی میں اضافہ محسوس کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے ایس ایچ او میاں خرم رسول کو ایک فرض شناس، متحرک اور دبنگ پولیس افسر قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جرائم کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔ ان کے مطابق پولیس کی جانب سے مشتبہ افراد کی نگرانی، علاقے میں گشت اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں شہریوں کو ریلیف ملا ہے۔ جی تیرہ کے تاجروں اور رہائشی نمائندگان نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان بہتر رابطہ علاقے میں امن کے قیام میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تھانہ سنبل پولیس کی جانب سے جرائم کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو مزید یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے اسلام آباد پولیس کے اعلیٰ حکام سے بھی مطالبہ کیا کہ جی تیرہ سمیت تھانہ سنبل کی حدود میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے پولیس کو مزید وسائل اور نفری فراہم کی جائے تا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر انداز میں کارروائیاں جاری رکھی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے تاجر اور رہائشی پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہیں اور امن و امان کے قیام کے لیے پولیس کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

طالبات نے مختلف پروگرامز اور سرگرمیوں کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ تقریب میں شریک ماہرین تعلیم نے کیپس اسکولز کی چھٹی تقریب تقسیم انعامات میں بھرپور شرکت کی۔ دارارقم اسکولز کے ریجنل ڈائریکٹر زاہد بشیر ڈار، اسکالر اسکولز کے نظار عباسی پرائیویٹ ایجوکیشنل سوسائٹی کے صدر راجہ خالد، پرائیویٹ اسکولز منیجمنٹ ایسوسی ایشن کے صدر راجہ ارشد، پرائیویٹ اسکول نیٹ ورک کے صدر اعظم خان کے علاوہ قاری اسلم، بابر بخاری، صدیق سڈل، علی عباس، میاں مستفیض الرحمٰن و سٹمپ 21 کے عاطف اور علاقہ بھر کے اسکولز اونرز نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں میڈم ثوبیہ شوکت صدر تنظیم اساتذہ نے ایبٹ آباد سے خصوصی شرکت کی۔ تقریب تقسیم انعامات میں سال 2025-26 میں پوزیشن ہولڈرز کو انعامات سے نوازا گیا تقریب کے دوران بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات میں ایوارڈز، اسناد اور تحائف بھی تقسیم کیے گئے۔ سال 2025-26 میں نمایاں کارکردگی پر عبدالرحمن اور حسن خان کو لیپ ٹاپ بطور انعام دیا گیا۔ اس موقع پر LAPS اسکول کی جانب سے پاک فوج کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا گیا اور ملکی دفاع کے لیے افواج پاکستان کی خدمات کو سراہا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل LAPS اسکول سردار محمد زبیر نے کہا کہ "علم روشنی ہے اور جہالت اندھیرا"۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی وہ ذریعہ ہے جس کے ذریعے نئی نسل کو بہتر مستقبل کی جانب گامزن کیا جاسکتا ہے۔ لیپس اسکولز روایتی تعلیم سے ہٹ کر ڈیجیٹل اسکلز پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے والدین اور اساتذہ پر زور دیا کہ بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ وہ ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

بقیہ نمبر 20

ہوئی خرم شہزاد نے 18 اوورز میں 74 رنز دے کر پانچ وکٹیں حاصل کیں جبکہ سمیر منہاس 96 رنز پر آؤٹ ہوئے اور اپنی پہلی فرسٹ کلاس سنچری سے صرف چار رنز دور رہ گئے۔ ایس این جی پی ایل نے تیسرے دن کا آغاز 108 رنز دو وکٹوں کے نقصان پر کیا تھا شعیب اختر اسٹیڈیم راولپنڈی میں کے آر ایل نے ایم آئی ٹی سی سلیکٹ کے خلاف شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا عمران رفیق اور عاصم علی ناصر کی سنچریوں کی بدولت کے آر ایل نے کھیل کے اختتام تک پانچ وکٹوں کے نقصان پر 423 رنز بنا لیے تاہم پہلی اننگز کا خسارہ ختم کرنے کے لیے اسے مزید 237 رنز درکار ہیں کے آر ایل نے تیسرے دن کا آغاز 140 رنز تین وکٹوں کے نقصان پر کیا تھا
ایبٹ آباد اسٹیڈیم میں پی ٹی وی کے محمد طحہ نے شاندار ڈبل سنچری اسکور کی انہوں نے 362 گیندوں پر 225 رنز بنائے پی ٹی وی نے اسٹیٹ بینک کے پہلی اننگز کے 433 رنز کے جواب میں 469 رنز بنائے جواب میں اسٹیٹ بینک کی ٹیم مشکلات کا شکار ہے اور کھیل ختم ہونے تک دوسری اننگز میں چار وکٹوں کے نقصان پر 84 رنز بنا سکی اس کی مجموعی برتری صرف 48 رنز ہے عمران خان اسٹیڈیم پشاور میں او جی ڈی سی ایل کو کامیابی کے لیے کنگز مین اکیڈمی نے 121 رنز کا ہدف دیا کھیل کے اختتام تک او جی ڈی سی ایل نے ایک وکٹ کے نقصان پر 85 رنز بنا لیے کنگز مین اکیڈمی نے دن کا آغاز دوسری اننگز میں 35 رنز بغیر کسی نقصان کے کیا تاہم پوری ٹیم 203 رنز پر آؤٹ ہوگئی اور مجموعی طور پر 120 رنز کی برتری حاصل کرسکی او جی ڈی سی ایل کے فاسٹ باؤلر محمد سلمان اور اسپنر دانش عزیز نے چار چار وکٹیں حاصل کیں

بقیہ نمبر 21

جات اور پولیس کی جانب سے شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے تھانوں میں فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات، تھانہ کی مسجد، میس اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تھانوں کی صفائی ستھرائی، میس میں کھانے کے معیار اور پولیس اہلکاروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے تھانوں میں موجود سائلین سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو شہریوں کی شکایات پر بروقت دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران اپنے دفاتر میں شہریوں کے مسائل سننے کے لیے باقاعدہ اوقات مقرر کریں اور عوام کو بلاوجہ کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے ہدایت کی کہ تھانوں کا ریکارڈ بروقت مکمل کیا جائے، زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے جبکہ اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ مجرمان کے خلاف موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ متحرک جرائم پیشہ گینگز کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقدمات کی تفتیش میں میرٹ، شفافیت اور غیر جانبداری کو ہر صورت مقدم رکھا جائے، جبکہ اختیارات سے تجاوز اور اختیارات کے ناجائز استعمال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بعد ازاں ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے ناکہ زیرو پوائنٹ کا دورہ کیا اور وہاں سیکورٹی انتظامات اور چیکنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو الرٹ رہنے اور مشکوک افراد و گاڑیوں کی موثر چیکنگ یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، موثر پولیسنگ اور عوامی دادرسی کو یقینی بنانا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، اس مقصد کے لیے افسران فیلڈ میں اپنی ذمہ داریاں مزید موثر انداز میں انجام دیں۔

بقیہ نمبر 22

کی ہیلپ لائن پر رابطہ کیا اور بعد ازاں برانچ مینیجر سے بھی ملاقات کی، جن کی جانب سے انہیں یقین دہانی کرائی گئی کہ دو سے تین روز کے اندر کٹی ہوئی رقم ان کے اکاؤنٹ میں واپس کر دی جائے گی، تاہم کئی روز گزرنے کے باوجود تا حال رقم واپس نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ رقم کی واپسی کے لیے روزانہ بینک کے چکر لگا کر وہ شدید پریشانی اور ذہنی اذیت کا سامنا کر رہے ہیں۔ حاجی منیر نے میزان بینک کی انتظامیہ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر اسے ٹی ایم ٹرانزیکشن کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور ان کی ایک لاکھ 90 ہزار روپے کی رقم جلد از جلد واپس کی جائے

بقیہ نمبر 23

گھروں، 260 دکانوں، 133 ہوٹلز، 1134 موٹر سائیکلوں اور 443 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران مختلف کارروائیوں میں سنگین جرائم میں ملوث 164 ملزمان کو گرفتار کیا، جبکہ ان کے قبضے سے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں 104 عدالتی مفرور، مجرمان اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان شامل ہیں، جبکہ منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں 60 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا

بقیہ نمبر 24

شعبے میں مریم نواز کا بڑا اقدام ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے بتایا کہ لاہور میں پاکستان کا سب سے بڑا ایک ہزار بستروں پر مشتمل نواز شریف کینسر ہسپتال بھی مکمل ہو چکا ہے۔ ان کے مطابق نواز شریف کینسر ہسپتال اسٹیٹ آف دی آرٹ منصوبہ ہے اور پی کے ایل آئی کی طرح یہ ہسپتال بھی دنیا میں پاکستان کی پہچان بنے گا۔

بقیہ نمبر 25

حکام کے حوالے سے عدالت کی جانب سے حکم امتناعی بھی جاری کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ مقدمے کے حتمی فیصلے تک متنازع زمین پر کسی قسم کی سرگرمی شروع کرنے سے قبل عدالتی احکامات اور ملکیتی ریکارڈ کی مکمل تصدیق ضروری ہے۔ راشد نور صدیقی و دیگر نے اے سی گوجر خان اور متعلقہ ریونیو حکام سے مطالبہ کیا کہ تمام فریقین کا موقف سن کر قانون اور عدالتی احکامات کی روشنی میں فیصلہ کیا جائے تا کہ کسی فریق کے قانونی حقوق متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان کی اپیل کا مقصد کسی فرد یا تنظیم کو نشانہ بنانا نہیں بلکہ قانونی تقاضوں اور شفافیت کو یقینی بنانا ہے، جبکہ بہاری خاندان نے اپنے قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے متعلقہ عدالت اور دیگر قانونی فورمز سے رجوع کرنے کا بھی عندیہ دیا ہے۔

بقیہ نمبر 26

بیرونی کی ٹیم نے بھائی جاوید خان بنگش۔ بیٹے سلمان بنگش۔ نثار بنگش۔ بھتیجیں ابرار بنگش۔ اسرار بنگش اور بنگش برادری سے اظہار تعزیت کیا۔ بنگش برادری کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ چیئرمین راجہ ارشد محمود، صدر سید جاوید کاظمی، جنرل سیکرٹری سلمان حمید چوہدری، ممبران امن کمیٹی قیصر احمد جاوید۔ رئیس احمد منہاس۔ حاجی ساجد محمود۔ اعجاز احمد خان۔ قاری غلام نبی رحیمی۔ محمد حفیظ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعا ممبر امن کمیٹی قاری غلام۔ نبی رحیمی نے کروائی۔ تعزیتی پیغام جنرل سیکرٹری امن کمیٹی سلمان حمید چوہدری نے پیش کیا۔ * جاوید خان بنگش نے تمام ممبران امن کمیٹی صدر بیرونی کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 27

جگہ کی موزونیت، عوامی رسائی، دستیاب سہولیات اور دیگر ضروری انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ شہریوں کو روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ ایک ہی مقام پر مناسب نرخوں پر فراہم کرنے کے حوالے سے مختلف امور پر غور کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیدہ زینب حسین نے عوامی سہولت کو ترجیح دیتے ہوئے مجوزہ سہولت بازار کے قیام کے لیے ضروری اقدامات موثر انداز میں آگے بڑھانے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 28

کی سرگرمی نہیں بلکہ صاف، صحت مند اور محفوظ ماحول کی تشکیل کی بنیادی ضرورت ہے۔ ماحولیاتی آلودگی، بڑھتی ہوئی گرمی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی مناسب نگہداشت بھی ناگزیر ہے۔ محمد ارشاد رامے نے کہا کہ درخت قدرتی ماحول کا اہم حصہ ہیں جو فضا کو صاف رکھنے، درجہ حرارت میں کمی، آلودگی کے اثرات کو کم کرنے اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی و تجارتی اداروں کو بھی کلینر پروڈکشن اور ماحول دوست اقدامات کے ساتھ شجرکاری کو اپنی ترجیحات میں شامل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہر فرد اپنے حصے کا ایک درخت لگانے اور اس کی حفاظت کرنے کا عزم کر لے تو اجتماعی طور پر ایک بڑی مثبت ماحولیاتی تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں، تعلیمی اداروں، صنعتکاروں، سول سوسائٹی اور سرکاری اداروں پر زور دیا کہ وہ شجرکاری مہمات میں بھرپور حصہ لیں اور لگائے گئے پودوں کی حفاظت کو بھی یقینی بنائیں۔ محمد ارشاد رامے نے مزید کہا کہ آج لگایا جانے والا ایک درخت آنے والی نسلوں کے لیے صاف ہوا، بہتر ماحول اور صحت مند زندگی کا تحفہ ہے، اس لیے شجرکاری کو قومی ذمہ داری سمجھ کر فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 29

دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایف آئی اے کی جانب سے ایک بیان جاری کیا گیا جس میں کہا گیا کہ قابل اعتماد ذرائع کی بنیاد پر ادارے نے اسلام آباد کے علاقے آبپارہ میں واقع ایف اینڈ ایف پلازہ کے بیسمنٹ میں واقع متعدد کنسلٹنسی اور کوریئر دفاتر پر چھاپہ مارا۔

بقیہ نمبر 30

معروف آرٹسٹ محمد اسحاق لہڑی نے بنایا تھا، لیکن وہ مجسمہ رواں سال 31 جنوری کو ہونے والے ایک شدید دھماکے کے باعث متاثر ہوا تھا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے سول سیکریٹریٹ کے ساتھ ریلویز ہاکی گراؤنڈ کے سامنے ہاکی چوک کو عبدالستار ایدھی کے نام سے منسوب کیا گیا تھا۔ سیکورٹی خدشات کے پیش نظر ریڈ زون کے جنوب کی جانب دو مضبوط اور بڑے گیٹ لگائے گئے ہیں جس کے باعث اب نئے مجسمے کو سابقہ جگہ کی بجائے کچھ فاصلے پر گیٹ سے باہر نصب کیا گیا ہے تا کہ یہ لوگوں کو نظر آسکے

بقیہ نمبر 31

پاکستانی ریسٹورنٹ النواب میں پروقار ظہرانے کا اہتمام کیا گیا تقریب میں متحدہ عرب امارات میں مقیم خطہ پوٹھوہار سے تعلق رکھنے والی سماجی، کاروباری اور کمیونٹی شخصیات سمیت پاکستانی کمیونٹی کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد اور دوست احباب نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا ماحول محبت، اپنائیت اور جذبات سے بھرپور رہا، شرکاء نے لالہ غفور کے ساتھ گزارے طویل عرصہ یاد کرتے ہوئے ان کی سماجی و کمیونٹی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا مقررین نے کہا کہ راجہ عبدالغفور عرف لالہ غفور نے متحدہ عرب امارات میں قیام کے دوران پاکستانی کمیونٹی کے اتحاد، بھائی چارے، باہمی روابط اور اجتماعی سرگرمیوں کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی شخصیت ملنساری، خلوص، محبت اور خدمت خلق کے جذبے سے عبارت رہی اور انہوں نے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر کمیونٹی کے اجتماعی مفاد کو ترجیح دی مقررین نے خصوصاً پاکستان پائندہ باد تنظیم کے پلیٹ فارم سے لالہ غفور کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے قومی دنوں کے موقع پر متعدد شاندار اور یادگار تقریبات کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے پاکستانی ثقافت، روایات اور قومی تشخص کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کی کمیونیٹیز کے درمیان محبت، احترام اور بھائی چارے کا پیغام بھی عام کیا گیا

بقیہ نمبر 32

تھانہ کینٹ میں درج کرائی گئی رپورٹ مدعی رمضان مروت ولد پرویز سلیم سکنہ شاہ عالم چوک نے الزام لگایا کہ ڈسٹرکٹ آڈیٹوریم ہال میں پی ٹی آئی کے جلسے کی تیاریاں جاری تھیں کہ اس دوران 9 سے 10 نامعلوم ملزمان اچانک آئے اور ہمیں زد و کوب کرنا شروع کر دیا۔ مدعی کے مطابق ملزمان نے ہم سے موبائل فون لے لئے اور بینرز کو آگ لگا دی۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ واقعہ کے بعد جلسہ منسوخ کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 33

پہاڑوں سے بھی اتریں گے اور ہم ڈی آئی خان سے بھی آئیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پچھلی بار احتجاج میں ہم شاک میں تھے، ہم ریاست کو ماں سمجھ رہے تھے اور ہمیں یہ اندازہ نہیں تھا کہ ریاست گولیاں بھی چلا سکتی ہے ہم خاموشی سے اپنی لاشیں اٹھا کر واپس آگئے، اس بار ہمیں پتا ہے ریاست گولی چلائے گی لیکن اس دفعہ اس طرح نہیں ہوگا کہ ہم اپنی لاشیں اٹھا کر انہیں دفن کریں اور خاموش رہیں یا لاشیں اٹھائیں اور پھر لوٹ آئیں گے اس بار ہم اسلام آباد کو سومنات بنا دیں گے۔

بقیہ نمبر 34

ادارے معمول کے مطابق کھلیں گے، پولیس فورس کے اسکولوں میں آنے پر نیا آرڈر جاری ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ تا حال ضلع راولپنڈی میں اسکولوں کی چھٹیوں کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے، بیرون اضلاع سے فورس آنے پر 48 اسکول مکمل طور پر پولیس کے سپرد ہوں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ منگل 22 ستمبر سے شہر کے 48 اسکول پولیس کے حوالے ہوں گے۔ آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز نے بھی شہر میں ممکنہ احتجاج کے خدشات پر چھٹیوں کی مخالفت کر دی۔ جبکہ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے اسلام آباد کی طرف شیڈول لانگ مارچ کو روکنے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے ہیں اور داخلی راستوں پر خندقیں کھودی جارہی ہیں اور مورچے بنائے جارہے ہیں جس کے لیے مزدوروں کو کام پر لگایا گیا ہے۔ اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے مظاہرین کو داخلے سے روکنے کے لیے سخت اقدامات کرتے ہوئے اہم شاہراہوں پر رکھے گئے کنٹینرز میں مٹی کی بوریاں بھرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ریڈ زون کے گرد درجنوں رکھے گئے کنٹینرز میں مٹی سے بھری بوریاں ڈالی جائیں گی، اہم شاہراہوں پر گاڑیوں کی آمد و رفت روکنے کے لیے مٹی کی بوریاں رکھی جائیں گی۔ اس حوالے سے بتایا گیا کہ بوریوں میں مٹی بھرنے کے لیے درجنوں مزدوروں کو کام پر لگا دیا گیا ہے، مزدور صبح سے شام تک مٹی کی بوریاں بھرنے میں لگے ہوئے ہیں، بوریاں بھرنے کے لیے مٹی کی ٹرالیاں ریڈ زون میں منگوائی جارہی ہیں

بقیہ نمبر 35

کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خرید و فروخت کریں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اویس احمد خان لغاری کا کہنا تھا کہ عوام کو سستی بجلی فراہم کرنا ترجیح ہے، آئندہ پانچ سال میں 800 میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی، پہلے مرحلے میں 400 میگا واٹ بجلی نیلامی کیلئے پیش کئے جا رہے ہیں، کاروباری ادارے اور صنعتیں مسابقتی بنیادوں پر پاور پلانٹس سے بجلی خرید سکیں گے۔

بقیہ نمبر 36

والے مجموعی طور پر 338 ڈرونز کو تباہ کر دیا، جبکہ جاری ڈرون حملے کے نتیجے میں ماسکو آئل ریفائنری کے احاطے میں واقع ایک تنصیب کو نقصان پہنچا ہے، تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ ذرائع کے مطابق ڈرونز کی مجموعی تعداد ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانین کی جانب سے جاری کردہ معلومات کی بنیاد پر مرتب کی گئی ہے

بقیہ نمبر 37

کو علاقائی ممالک کی جانب سے ایران کے خلاف کارروائی کے لیے گرین سگنل دینے کے منصوبوں سے خبردار رہنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 38

ہوگی تو فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک بھی جا سکتی ہے۔ وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ توانائی شعبے کے فیصلے قومی مفاد اور ملکی ضروریات کے مطابق کیے جا رہے ہیں، موجودہ صورتحال میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں اور سپلائی پر اثر پڑ رہا ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں 90 فیصد جبکہ پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 50 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا میں بھی ڈیزل کا گیلن 6 ڈالر سے بڑھ چکا ہے۔ جبکہ فرانس میں پمپس پر پٹرول کی قلت ہو گئی ہے

بقیہ نمبر 39

گئی ہیں، سعودی عرب کو امریکا ایران جنگ کا حصہ بنانا ناقابل قبول ہے، مشرق وسطیٰ کا بحران اب معاشی طور پر ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ ترک وزیر خارجہ نے کہا کہ مکہ اتحاد اہم مرحلے میں ہے۔ اس کے پیچھے بہت مضبوط عزم سامنے آیا ہے۔ ہم اس عزم کو عملی شکل دینے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کر رہے ہیں۔ معاہدے کے تحت مجوزہ سیکریٹریٹ کے قیام اور اس سے منسلک فوجی ہیڈ کوارٹرز کو فعال کرنے پر کام ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر 40

اردوان، میکرون سمیت متعدد عالمی رہنما پہلے روز جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے جبکہ عمومی مباحثہ 22 سے 28 ستمبر تک جاری رہے گا۔ 22 ستمبر کو پہلے روز امریکی صدر ٹرمپ، ترک صدر رجب طیب اردوان، فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون اور قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سمیت متعدد عالمی رہنما جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ پہلے روز 22 ستمبر کو صبح 9 بجے اجلاس کا آغاز ہوگا، برازیل کے صدر لوئیز انا سیولولا داسلوا پہلے مقرر ہوں گے جبکہ ان کے بعد امریکی صدر خطاب کریں گے۔ صبح کے اجلاس میں اردن کے شاہ عبداللہ دوم، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، کرغزستان کے صدر صدر جباروف، قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی، لیتھوانیا، پیرو، چلی اور فرانس سمیت مختلف ممالک کے سربراہان بھی خطاب کریں گے۔ 22 ستمبر کو سہ پہر 3 بجے شروع ہونے والے اجلاس میں منگولیا، جنوبی کوریا، سرینام، سیرالیون، بوسنیا و ہرزیگووینا، سوئٹزرلینڈ، ویت نام سمیت مختلف ممالک کے رہنما اظہار خیال کریں گے۔ برطانیہ اور جاپان کے وزرائے اعظم بھی پہلے روز کے سہ پہر کے اجلاس کے مقررین میں شامل ہیں

بقیہ نمبر 41

ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کارکنان اور عوام کے پرتپاک استقبال پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جماعت اسلامی کی جاری تحریک کا مقصد کسی ذاتی یا جماعتی ایجنڈے کی تکمیل نہیں بلکہ عوام کے حقوق کی بحالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد مارچ بذات خود منزل نہیں، اصل مقصد عوام کو ان کے حقوق دلانا ہے اور اسی مقصد کے لیے ملک بھر سے قافلے اسلام آباد کی طرف رواں دواں ہیں۔

بقیہ نمبر 42

کی جانب فوری منتقلی کی صلاحیت آزمائی جا رہی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بدلتے جنگی تقاضوں کے پیش نظر سی اسپارک 2026 میں جدید آپریشنل تصورات شامل ہیں، مشق میں انفارمیشن انوائرمنٹ میں آپریشنز اور ملٹی ڈومین آپریشنز کی مشق بھی شامل ہے۔ سی سپارک 2026 میں بغیر پائلٹ نظاموں کو وسیع پیمانے پر استعمال کیا جا رہا ہے، سی سپارک 2026 پاک بحریہ کی ہمہ جہت بحری آپریشنز کی تیاری کا جائزہ ہے۔

بقیہ نمبر 43

نہیں ہوگا جو پاکستان کو اور پاکستان کے آئین کو نہیں مانتا ہم اس کو اور اس کی انے والی نسلوں کو بھی نہیں مانتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ڈھوک نجو میں راجہ ارشد محمود اور خیابان سرسید میں یاسین خان کی طرف سے منعقدہ عوامی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر رکن قومی اسمبلی بیگم طاہرہ اورنگزیب، صوبائی پارلیمانی سیکٹریز وارکان پنجاب اسمبلی ضیاء اللہ شاہ، محترمہ شادیہ رضوان، محترمہ اسماء ناز عباسی، پیرزادہ راحت مسعود قدوسی، جاوید انور مغل، راجہ ظفر اقبال، راجہ ارشد محمود، چوہدری زبیر، راجہ اظہر اقبال، راجہ خضر اقبال، حسن جبار سمیت دیگر بھی موجود تھے، وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ جو عوامی نمائندہ عوامی مسائل سے واقف ہی نہیں ہے اسے ایم پی اے یا ایم این اے بننے کا کوئی حق نہیں ہے ہم راولپنڈی کے ہر حلقے میں ہر یونین کونسل میں گیس پانی بجلی اور سیوریج کے مسائل حل کر رہے ہیں 40 سے 50 سال پرانی پائپ لائنوں کو تبدیل کیا جا رہا ہے صاف ستھری گلیاں اور سڑکیں بنائی جا رہی ہیں جبکہ لوگوں کو تفریح کے لیے جدید قسم کے پارکس دے رہے ہیں جہاں کیمرے لگے ہوں گے اور ہر ماں بہن اور بہو بیٹی کی عزت کو سب سے پہلے سامنے رکھا جائے گا، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز راولپنڈی کے شہریوں کو جدید سفری سہولیات کے لیے 40 گرین بسیں دے رہی ہیں جو جلد ہی راولپنڈی پہنچ جائیں گی ہم نے ائی جے پی روڈ بنوایا، اج راولپنڈی انسٹیٹیوٹ اف کارڈیالوجی عوام کی خدمت کر رہا ہے

بقیہ نمبر 44

کا تبادلہ ہوا اور سیکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنۃ الخوارج کو ہلاک کر دیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے دوران فتنۃ الخوارج کے 8 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا اور اس دوران دستوں کی قیادت فرنٹ سے کرنے والے دو بہادر افسران نے بھی جام شہادت نوش کیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ شہید ہونے والوں میں 23 سالہ کیپٹن ابوذر فاروق اور 22 سالہ لیفٹیننٹ شیراز بابر بھی شامل ہیں، کارروائی میں 4 جوان بھی شہید ہوئے ہیں، یوں مجموعی طور پر 2 افسران سمیت 6 اہلکاروں نے جام شہادت نوش کیا۔

بقیہ نمبر 45

مارچ اور دھرنے سمجھ سے بالاتر ہیں، معاشی سرگرمیوں میں تعطل سے اربوں روپے کا نقصان ہو سکتا ہے، دھرنوں اور احتجاج سے نقصان کا اثر عوام پر پڑے گا، دیہاڑی دار طبقہ اور چھوٹے کاروبار بری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے مشرق وسطیٰ کی صورتحال کا اثر پڑ رہا ہے، سپلائی چین میں خلل، فریٹ اور انشورنس اخراجات میں اضافہ عالمی تجارت کو متاثر کر رہا ہے، اخراجات میں کمی لائی جا رہی ہے۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکے ہیں، ہمارا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، پر امید ہیں معاشی ترقی کے سفر میں مزید تیزی آئے گی۔ وفاقی وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ دشمن قوتیں ملک میں ہونے والی دہشت گردی کے پیچھے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ زرمبادلہ کے ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے ہیں، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی واقع ہوئی، موجودہ حالات میں مارچ، ہڑتالوں اور دھرنوں کی باتیں سمجھ سے بالاتر ہیں، مسائل کو مل بیٹھ کر حل کرنا چاہیے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پلاننگ کمیشن کے اکنامک ونگ کے ساتھ مل کر ماضی کے تجربات اور موجودہ معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے معاشی سرگرمیوں میں تعطل کے اثرات کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جس کے مطابق مختلف شعبوں میں مجموعی طور پر تقریباً 120 ارب روپے یومیہ نقصان کا خدشہ ہے، مارچ، ہڑتالوں اور دھرنوں سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہو سکتا ہے، انہوں نے بتایا کہ سب سے زیادہ نقصان خدمات کے شعبے میں ہوگا

بقیہ نمبر 46

پہنچا ہے، تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ ذرائع کے مطابق ڈرونز کی مجموعی تعداد ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانین کی جانب سے جاری کردہ معلومات کی بنیاد پر مرتب کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 47

عینی شاہدین کے مطابق منگووال میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں دو کم سن بھائی بارشی پانی سے بھرے گڑھے میں ڈوب گئے اور جانبر نہ ہوسکے۔ دوسری جانب اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائی کرتے ہوئے دونوں بچوں کی لاشیں گڑھے سے نکال لیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ جاں بحق بچوں کی شناخت 5 سالہ عبدالرحمن اور 3 سالہ محمد شافع کے نام سے ہوئی ہے، دونوں بھائی کھیلتے ہوئے پانی کے گڑھے میں گر گئے۔ دوسری جانب دونوں کم سن بھائیوں کے جاں بحق ہونے پر ہر آنکھ اشکبار تھی اور علاقے میں سوگ کی فضا پھیل گئی

بقیہ نمبر 48

کی، انہوں نے شہید کے والد کے بلند حوصلے اور جذبے کو سراہا۔ شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے والد نے کہا کہ میرا بیٹا حمزہ پاکستان پر قربان ہوا، دوسرا بیٹا بھی پاکستان کے لیے حاضر ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 49

نے تحفظات پر کمشنر کراچی سے مشاورت کی درخواست کرتے ہوئے فیول ریلیف سکیم پر سول انتظامیہ سے رابطے کی اپیل کی ہے۔ پی پی ڈی اے سکیم کے طریقہ کار پر جامع بریفنگ دے گی۔

بقیہ نمبر 50

، پمز اسپتال کے ڈاکٹر عارف خان میڈیکل ٹیم کی سربراہی کر رہے تھے۔ میڈیکل ٹیم میں پمز اسپتال کے ماہر امراض چشم سمیت دیگر ڈاکٹرز شامل تھے، جبکہ پیرامیڈیکل اسٹاف اور طبی معائنے کے لیے ضروری آلات بھی ٹیم کے ہمراہ تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 51

تباہ کر دیا۔ سعودی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی کے مطابق حوثیوں نے ریاض کے علاوہ بیش، طائف، فرسان اور ینبع میں شہریوں اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کی بھی کوشش کی، تاہم سعودی فضائی دفاع نے تمام حملوں کو ناکام بنا دیا۔

بقیہ نمبر 52

ایکٹ اور سیکشن 43 فیڈرل ایکسائز ایکٹ کے تحت دی گئی ہے

اسلام آباد، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف تحفظ حرمین شریفین کانفرنس سے خطاب

حرمین شریفین کیلئے جانیں قربان کرنے کو تیار ہیں، سردار یوسف

پاکستان اور سعودی عرب کا رشتہ مقدس اور روحانی رشتہ ہے، سینیٹر حافظ عبدالکریم

آئی ایس پی آر کا بیان پوری قوم کی ترجمانی ہے، تحفظ حرمین شریفین کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم اور پاک سعودی یکجہتی کونسل نے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام حرمین شریفین کے لیے جانیں قربان کرنے کے لیے تیار ہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب کا رشتہ سیاسی اور حکومتی نہیں مقدس اور روحانی رشتہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے پاک سعودی یکجہتی کونسل کے زیر اہتمام کل جماعتی تحفظ حرمین شریفین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس سے جمعیت علماء اسلام کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سمندر کی تہہ میں نئی دوڑ، اہم بنیادی ڈھانچے کی حفاظت چیلنج بن گئی

نیویارک (صباح نیوز) سمندر کی تہہ اب صرف مواصلاتی کیبلز اور توانائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

بھارت: منی پور میں 6 افراد کی گرفتاری کے خلاف پرتشدد احتجاجی مظاہرے

امپھال (کے ایم ایس) بھارت کی شورش زدہ ریاست منی پور میں حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

لاڑکانہ، شہری موہنجوداڑو ایکسپریس بحالی پر اظہار مسرت کر رہے ہیں

سیاسی جماعتوں کا احتجاج، وفاقی ہسپتالوں میں ہائی الرٹ

پمز، پولی کلینک میں میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی لگا دی گئی، ڈاکٹر شرجیل فوکل پرسن مقرر

ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت، ہائی الرٹ 30 ستمبر 2026 تک برقرار رہے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال پر وفاقی دارالحکومت کے اسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پمز اور پولی کلینک میں ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی بھی لگا دی گئی ہے۔ ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سے اسلام آباد میں مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی میں کمی کیلئے لاگ مارچ کا اعلان کیا گیا ہے جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

سرفراز افضل عوام پاکستان پارٹی سے مستعفی

شاہد خاقان کے غیر سنجیدہ، غیر ذمہ دارانہ اور ممبران سے ہتک آمیز رویہ وجہ بنا

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) چوہدری سرفراز افضل عوام پاکستان پارٹی سے مستعفی سابق مُشیر وزیر اعلی پنجاب و ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری سرفراز افضل سابق وزیراعظم پاکستان شاہد خاقان عباسی کی جماعت عوام پاکستان پارٹی سے مستعفی ہوگئے اُن کے پاس جماعت کا کنوینیر شمالی پنجاب اور جنرل کونسل کے ممبر کا عہدہ تھا اسکے علاوہ وہ جماعت کی ایگزیکٹیو باڈی کا حصہ بھی تھے انہوں نے اپنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پنجاب میں کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائیگا، عظمیٰ بخاری

وزیر اعلیٰ نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کیلئے کوابلیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

کینسر کے مریضوں کو طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا، بیان

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ لاہور کے بعد اب ملتان میں بھی کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کے لیے کوابلیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، جہاں کینسر کے ہر اسٹیج کے مریضوں کا مفت علاج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کینسر کے مریضوں کو علاج کے لیے طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، جبکہ مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ کینسر کے علاج کی یہ سہولت پنجاب میں صحت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

SNIDs کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

روٹری کلب آف کراچی کمیونٹی سینٹر میں منعقدہ تقریب میں کیا گیا

پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، عزیز میمن

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ستمبر کے خصوصی انسدادِ پولیو حفاظتی دنوں (SNIDs) کا افتتاح آج گلستانِ جوہر میں روٹری کلب آف کراچی کمیونٹی سینٹر میں منعقدہ تقریب میں کیا گیا۔ روٹری فاؤنڈیشن کے سابق ٹرسٹی اور نیشنل چیئر پولیو پلس کمیٹی عزیز میمن، ایمرجنسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پیٹرول لیوی خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی، راجہ جواد

ملک میں رائج نظام غریب کے استحصال کی منصوبہ بندی کا نام ہے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) حکومت ہمارے راستے میں رکاوٹ کھڑی کرنے کی بجائے لیوی ختم کرے۔ جماعت اسلامی کی جدوجہد پیٹرول لیوی کے خاتمے تک جاری رہے گی۔ اس ملک میں رائج نظام غریب کے استحصال کی منصوبہ بندی کا نام ہے۔ ہم اس استحصالی نظام کو جڑ کاٹ کر اسلامی نظام کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی کے امیر راجہ محمد جواد نے جماعت اسلامی ضلع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

آئی جی اسلام آباد کی میٹنگ، سائبر جرائم کی نگرانی مؤثر بنانے کی ہدایت

افسران کو عوامی رابطے مزید بہتر بنانے، پولیسنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی تاکید

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت اہم اجلاس، سکیورٹی، سائبر کرائم اور فیلڈ پولیسنگ کا جائزہ۔ آن لائن ہراسمنٹ، غیر قانونی آن لائن سرگرمیوں اور ریاست مخالف پروپیگنڈے کے خلاف کارروائیوں پر غور۔ سائبر پٹرولنگ اور سوشل میڈیا و انٹرنیٹ پر جرائم کی نگرانی مزید مؤثر بنانے کی ہدایت۔ شہریوں کے تحفظ، فوری رسپانس اور بہتر پولیس سروسز کی فراہمی پر خصوصی زور دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

بہاری خاندان کی زمین پر سہولت بازار، عدالتی احکامات پر عمل کرنے کا مطالبہ

متنازع زمین پر سرگرمی شروع کرنے سے ملکیتی ریکارڈ کی مکمل تصدیق ضروری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) بہاری خاندان کی ملکیتی زمین پر سہولت بازار کے قیام کی اطلاعات پر راشد نور صدیقی و دیگر اہلیان بہاری کالونی نے ضلعی و تحصیل انتظامیہ سے عدالتی احکامات اور ریونیو ریکارڈ کی مکمل جانچ کے بعد کسی اقدام کی اپیل کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مذکورہ زمین سے متعلق مقدمہ راولپنڈی کی سول عدالت میں زیر سماعت ہے جبکہ متعلقہ انتظامی و ریونیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بنگش برادری کے ساتھ کھڑے ہیں، راجہ ارشد

اڈیالہ (نامہ نگار) دکھ کی اس گھڑی میں بنگش برادری کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اللہ پاک لالا محمود خان بنگش کی مغفرت فرما کر درجات بلند فرمائے بنگش برادری اور انکے دوست احباب اور لواحقین کو اللہ پاک صبر جمیل عطا فرمائے۔ ان خیالات کا اظہار راجہ ارشد چیرمین امن کمیٹی تھانہ صدر بیرونی نے لالا محمود خان بنگش مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے امن کمیٹی صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

لاہور، ہیریٹج سنٹر میں ثقافتی ماڈل نصب کیے گئے ہیں

اے سی گوجرخان کا نئے سہولت بازار کے قیام کی مجوزہ جگہ کا دورہ

سہولت اتھارٹی کے نمائندگان کے ہمراہ مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین نے عوام کو اشیائے ضروریہ مناسب نرخوں پر فراہم کرنے کے لیے بہاری کالونی میں نئے سہولت بازار کے قیام کی مجوزہ جگہ کا دورہ کیا اور سہولت اتھارٹی کے نمائندگان کے ہمراہ مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بازار کے قیام کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

شجرکاری آئندہ نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت، ارشاد رامے

شجرکاری کو قومی ذمہ داری سمجھ کر فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ریسورس ایفیشنٹ کلینر پروڈکشن (RECP) پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد ارشاد رامے نے کہا ہے کہ شجرکاری محض درخت لگانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

لاہور، لوگوں کی بڑی تعداد چھٹی کے روز چڑیا گھر کی سیر کر رہے ہیں

نیتن یاہو سیکڑوں اسرائیلی فوج کی سیکیورٹی میں مسجد اقصی کے صحن میں داخل

مقبوضہ بیت المقدس (آئی این پی) مقبوضہ مشرقی القدس میں 570 اسرائیلی آبادکار وزیراعظم نیتن یاہو سمیت اسرائیلی فوج کی حفاظت میں مسجد اقصی کے صحن میں داخل ہو گئے اور تلمودی مذہبی رسومات ادا کیں۔

تھانہ سنبل کے ایس ایچ او خرم رسول کے اقدامات قابلِ تحسین، اہلیان جی تیرہ

پولیس کو مزید وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ ملزمان کیخلاف کارروائیاں جاری رکھی جاسکیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) جی تیرہ ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے صدر ریاض خان اور جی تیرہ رہائشیوں کی کمیٹی کے نمائندگان وسیم ڈار، فیاض عباسی سمیت دیگر نے علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور جرائم کی روک تھام کے لیے تھانہ سنبل کے ایس ایچ او میاں خرم رسول کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ میاں خرم رسول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

غیر قانونی تارکین کو برطانیہ لے جانیوالے پائلٹ کو 2 سال قید کی سزا

لندن (آئی این پی) انگلش چینل کو کشتی پر عبور کرانے کے لیے 165 غیر قانونی تارکین وطن کو برطانیہ لے جانیوالے پائلٹ کو 2 سال 3 ماہ کی قید سنا دی گئی۔ برطانوی ذرائع ابلاغ کی رپورٹ کے مطابق جنوبی سوڈان سے تعلق رکھنے والے 9 سالہ چان ماتھوک اتاک پر الزام تھا کہ اس نے 23 جولائی کو برطانوی حدود میں سمندری گزرگاہ پر 165 تارکین وطن کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کہوٹہ بازار میں تجاوزات کا راج، انتظامیہ کی کارروائی سوالیہ نشان

تجاوزات کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں، شہریوں کا مطالبہ

کہوٹہ (نمائندہ خصوصی) تحصیل کہوٹہ شہر کے مرکزی بازار میں تجاوزات کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ریڑھی بانوں نے سڑکوں اور فٹ پاتھوں کے بیشتر حصوں پر قبضہ جما رکھا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر جبکہ پیدل چلنے والوں کے لیے گزرنا دشوار ہو گیا ہے۔ شہریوں کے مطابق اتوار کے روز بھی بازار میں تجاوزات بدستور قائم رہیں اور متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے مؤثر کارروائی دکھائی نہیں دی۔ دوسری جانب پیرا فورس کی سرکاری گاڑی بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

علم روشنی ہے اور جہالت اندھیرا" سردار زبیر

LAPS اسکول کے بچوں کا سالانہ تقریب میں صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) لندن اکیڈمک پلان اسکول (LAPS) کے زیرِ اہتمام بہارہ کہو، اسلام آباد میں سالانہ تقریب کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

لاہور، نوجوان عالمی یوم امن کی مناسبت سے میراتھن میں دوڑ رہے ہیں

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون محمد طحہ کی شاندار ڈبل سنچری

خرم شہزاد کی پانچ وکٹیں، عمران رفیق اور عاصم علی ناصر کی سنچریاں نمایاں رہیں

اسلام آباد (پی پی اے) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون فرسٹ کلاس کرکٹ کے دوسرے راؤنڈ میں تیسرے دن کا کھیل مکمل ہوگیا تیسرے روز محمد طحہ نے شاندار ڈبل سنچری اسکور کی جبکہ عاصم علی ناصر اور عمران رفیق نے سنچریاں بنائیں۔ ٹیسٹ فاسٹ باؤلر خرم شہزاد نے پانچ وکٹیں حاصل کر کے نمایاں کارکردگی دکھائی ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں غنی کی ٹیم نے ایس این جی پی ایل کو ایک اننگز اور 14 رنز سے شکست دے دی ایس این جی پی ایل کی ٹیم دوسری اننگز میں 243 رنز پر آل آؤٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

FIA کا چھاپہ، غیر قانونی دستاویزات تیار کرنیوالا 16 رکنی گروہ گرفتار

کنسلٹنسی، کوریئر دفاتر پر چھاپے، جعلی اپوسٹل سٹیکرز، مہریں، دستاویزات، ترسیل اور استعمال نیٹ ورک میں شامل 16 افراد زیر حراست

گرفتار افراد کا جسمانی ریمانڈ حاصل، نیٹ ورک سے منسلک دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کی وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں متعدد کنسلٹنسی اور کوریئر دفاتر پر چھاپا مار کر مبینہ طور پر جعلی اپوسٹل سٹیکرز، سرکاری مہروں اور دستاویزات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے نیٹ ورک میں شامل 16 افراد کو گرفتار کرلیا ہے جبکہ اس نیٹ ورک سے مبینہ طور پر منسلک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم تھانہ کے دورہ پر ہدایات دے رہے ہیں

یاسین ملک کیس میں اہم پیشرفت، وکیل کا وکالت نامہ واپس لینے کی درخواست

وکیل نے یاسین ملک کیخلاف قتل کے مقدمے میں وکالت نامہ واپس لینے، نمائندگی ختم کرنے کی رخواست دائر کردی

سری نگر (صباح نیوز) نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ کے چیرمین محمد یاسین ملک کے وکیل نے قتل کے مقدمے میں اپنا وکالت نامہ (پاور آف اٹارنی) واپس لینے اور نمائندگی ختم کرنے کی رخواست دائر کردی ہے یاد رہے یاسین ملک نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

لاہور، ایک محنت کش نے ریڑھی پر کھجوریں فروخت کیلئے سجا رکھی ہیں

نویں کلاس کا طالبعلم لاپتہ



اڈیالہ (نامہ نگار) خدا راہ ہمارے جگر کے ٹکڑے کو کوئی ہم سے ملا دے۔ بیٹے کی جدائی میں دن کا چین اور رات کی نیند اڑ گئی ہے۔ رو، رو کے والدین غم سے نڈھال۔ اطلاع کر کے والدین پر احسان عظیم فرمائیں۔ ان خیالات کا اظہار آصف بنگش نے پریس کلب اڈیالہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

راجہ عبدالغفور عرف لالہ غفور کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام

آپکی شخصیت ملنساری، خلوص، محبت اور خدمتِ خلق کے جذبے سے عبارت رہی، مقررین

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پوٹھوہار کمیونٹی یو اے ای کے زیرِ اہتمام متحدہ عرب امارات میں 31 سالہ طویل قیام کے بعد ریٹائرمنٹ لے کر مستقل طور پر پاکستان واپس جانے والے معروف سماجی و کمیونٹی رہنما راجہ عبدالغفور عرف لالہ غفور کے اعزاز میں شارجہ کے معروف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کوئٹہ میں سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کا مجسمہ دوبارہ نصب

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ میں ممتاز سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کا مجسمہ دوبارہ نصب کر دیا گیا۔ اس سے قبل ان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کوئٹہ میں 2021 میں ایک قدآور مجسمہ نصب کیا گیا تھا، جسے بلوچستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

3 بچوں کو نہر میں پھینکنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

ملزم زیشان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا، پولیس حکام

جہلم (مانیٹرنگ ڈیسک) تین کم سن بچوں کو نہر میں پھینکنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک ہو گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ملزم زیشان کو پولیس تفتیش کے لیے لے جا رہی تھی کہ راستے میں اس کے قریب ساتھیوں نے اسے چھڑوانے کے لیے فائرنگ کر دی۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ڈی آئی جی علی وسیم کا تھانہ جات اور زیرو پوائنٹ ناکہ کا دورہ

تھانوں میں فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات، میس اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کا تھانہ آبپارہ، تھانہ کوہسار اور ناکہ زیرو پوائنٹ کا دورہ۔ تھانوں میں فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات، مسجد، میس اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا اور شہریوں کے مسائل سنے۔ پولیس افسران کو زیر تفتیش مقدمات کی جلد یکسوئی، اشتہاری و سابقہ ریکارڈ یافتہ مجرمان کے خلاف مؤثر کارروائی اور متحرک جرائم پیشہ گینگز کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے تھانہ آبپارہ اور تھانہ کوہسار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تھانوں کے مختلف شعبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

راولاکوٹ کے سکولز کالجز کھولے جائیں، خادم طاہر

اسلام آباد (پ ر) المصطفیٰ رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم طاہر نے کہا ہے کہ راولاکوٹ اور اس کے گرد و نواح کے سکولز کالجز فوری کھولے جائیں طلبہ کا قیمتی سال ضائع ہو چکا ہے سوائے راولاکوٹ کے آزاد کشمیر ں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی کے امیر راجہ محمد جواد کا کارکنان کے ہمراہ گروپ فوٹو

مظفر گڑھ آئس فیکٹری سے امونیا گیس لیکیج، عوام کو سانس کی دشواری

مظفر گڑھ (آئی این پی) مظفر گڑھ میں آئس فیکٹری سے امونیا گیس لیک ہونے سے علاقہ مکینوں کو سانس لینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ ریسکیو نے متاثرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

جہانگیرہ، میزان بنک کی دو نمبری، صارف ایک لاکھ 90 ہزار گنوا بیٹھا

برانچ منیجر کی یقین دہانی کے باوجود رقم واپس نہ آئی، اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر): جہانگیرہ کے علاقہ نڑی کے رہائشی حاجی منیر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز وہ میزان بینک جہانگیرہ برانچ کے اے ٹی ایم سے اپنی ضرورت کے لیے دو لاکھ روپے نکال رہے تھے، تاہم اے ٹی ایم سے انہیں صرف 10 ہزار روپے موصول ہوئے جبکہ ان کے اکاؤنٹ سے ایک لاکھ 90 ہزار روپے کٹ گئے۔ حاجی منیر نے فوری طور پر بینک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پاکستانی کال سینٹر سے 70 کروڑ 30 لاکھ ڈالر فراڈ کا انکشاف

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کے دفتر برائے انسپکٹر جنرل (HHS-OIG) نے چار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد پولیس کریک ڈاؤن، 164 ملزمان گرفتار

غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد، مقدمات کا اندراج کرلیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن، سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری۔ گزشتہ ہفتے 164 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد۔ مختلف سرچ آپریشنز کے دوران 2169 افراد، 1045 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

مری کا حسن نکھارنے کیلئے وسائل فراہم کرینگے، کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) کمشنر راولپنڈی سلیمان غنی کا ہارٹیکلچر اتھارٹی مری کا دورہ؛ جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ، کمشنر راولپنڈی سلیمان غنی نے مری کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہارٹیکلچر اتھارٹی کے دفاتر اور مختلف جاری منصوبوں کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران مینیجنگ ڈائریکٹر (MD) ہارٹیکلچر کامران صغیر نے کمشنر راولپنڈی کو مری میں سیاحت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

SHEHAR NAMA شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356